سہ ماہی کثیر لسانی رسالہ

وراثت

جموں اینڈ کشمیر اکیڈمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز سرینگر

وراثت
جلد:2
شمارہ:3

Volume:2------No: 3

VIRASAT

Designed by:Gurmeet Singh

VIRASAT

Quarterly Journal of Ethnic Literature

Volume: 2 ------ No: 3

Editorial Staff
Mufti Shafiq-ur-Rahman
Dr. Abid Ahmad Bhat
Dr. Syed Iftikhar Ahmad
Dr. Shabnum Rafiq

Jammu & Kashmir
Academy of Art , Culture & Languages,
Srinagar

سہ ماہی کثیر لسانی رسالہ

وراثت

جلد:2...........شمارہ: 3
(جولائی تا اکتوبر 2023ء)

نگران

بھارت سنگھ

مجلسِ ادارت

مفتی شفیق الرحمٰن ...... اُردو
ڈاکٹر عابد احمد ...... انگریزی
ڈاکٹر سید افتخار احمد ...... کشمیری
ڈاکٹر شبنم رفیق ...... کشمیری
عصمت عزیز ...... اُردو

ٹرانسلیشن ریسرچ سینٹر، کشمیر
جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز سرینگر

ناشر: سیکریٹری، جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز

آفیسر انچارج پبلیکیشن : ڈاکٹر سید افتخار احمد
کمپیوٹر کمپوزنگ : گورمیت سنگھ
سرورق : گورمیت سنگھ
تعداد : 300
مطبع : گورنمنٹ پریس سرینگر
قیمت :

''وراثت'' میں شائع ہونے والے مضامین میں ظاہر کی گئی آراء سے اکیڈیمی کا کُلیاً یا جُزئیاً متفق ہونا ضروری نہیں ہے۔

خط وکتابت کا پتہ

مفتی شفیق الرحمٰن خان
انچارج آفیسر ٹرانسلیشن ریسرچ سینٹر۔
جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز لال منڈی سرینگر
موبائیل نمبر:9906842887
email: syediftikharacademy@gmail.com

(حصۂ اُردو)

فہرست

نمبر شمار	عنوان	مصنف/ترجمہ کار	صفحہ نمبر
1	کشمیری لوک کہانیاں اور تواریخ	غلام نبی آتش	7
2	کشمیر کے جلیل القدر صوفی......حضرت خواجہ حبیب اللہ عطّارؒ	بشیر احمد ڈار	18
3	تاریخِ کشمیر......ملک حیدر چاڈورہ	مفتی شفیق الرحمٰن قاسمی	31
4	ہرفن مولا......ڈاکٹر عزیز حاجنی	مجید مجازی	44
5	حکیم الامتؒ اور خواجہ عزیز الحسن مجذوبؒ	ڈاکٹر فیض قاضی آبادی	56
6	گوجری زبان......مختصر جائزہ	عبدالسلام کوثرؔی	68

☆

پیش لفظ

اکیڈیمی اپنی تحقیق اور ترجمہ کاری کے کام کو''وراثت'' رسالہ کی وساطت سے بڑے احسن طریقے سے آگے بڑھا رہی ہے۔ تحقیق اور ترجمہ زبان وادب فن وثقافت جیسے شعبہ جات کو چُست و درست رکھنے کے لئے مقوی غذا کا کام کرتا ہے۔ وراثت کا ہر ایک شمارہ اپنا بنیادی مقصد حاصل کرنے کی جہت میں رواں دواں ہے۔ یعنی جموں وکشمیر کے ادب،فن، ثقافت،تاریخ ودیگر شعبہ جات کو ترجمہ اور تحقیق کے ذریعے جادۂ ترقی پر گامزن کئے ہوئے ہے۔ جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ اس رسالے کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں تین زبانوں میں مختلف نوعیّت کے تحقیقی اور ترجمہ شدہ مضامین چھپ رہے ہیں۔ جن سے جہاں زیادہ سے زیادہ مواد قارئین تک پہنچ رہا ہے وہیں پڑھنے والوں کا دائرہ بھی بڑھ رہا ہے۔اور اس رسالے کی وساطت سے جموں وکشمیر کا ادبی سرمایہ مختلف زبانیں جاننے والوں تک پہنچایا جارہاہے۔

جہاں تک اس شمارے کی بات ہے اس کے اردو حصے میں ملک حیدر چاڈورہ کی شہرت یافتہ تاریخ کشمیر کی تیسری قسط شامل ہے۔ جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ اس کو فارسی سے اردو میں ترجمہ کرکے قسط وار اس رسالے میں شامل کیا جارہاہے۔اس کا مکمل ترجمہ بعد میں الگ سے شائع کیا جائے گا۔ فارسی سے اردو میں اس تاریخی کتاب کا ترجمہ کرنے کا مقصد تو اریخ نویسی کے طالب علموں،محققّوں اور تواریخ سے دلچسپی رکھنے والوں کے لئے اُن کے فہم کے مطابق مواد فراہم کرنا ہے۔ کیونکہ فارسی اب کشمیر میں بہت کم پڑھی اور سمجھی

جاتی ہے۔لیکن اس زبان میں موجود علمی وادبی خزانہ آج بھی بہت کارآمد ہے۔اس لئے فارسی یاباقی زبانوں کے کسی بھی علمی اورادبی شاہکار کوکشمیر میں زیادہ بولی اور پڑھی جانے والی زبانوں میں ترجمہ کرناوقت کی اہم ضرورت ہے۔

اردوحصّے کے باقی مضامین بھی نہایت ہی معلوماتی اور تحقیقی نوعیّت کے ہیں۔جو کاروانِ تحقیق وادب کے لئے مشعلِ راہ ثابت ہوں گے۔

وراثت کا درمیانی حصہ کشمیری زبان میں ہے اس میں بھی مختلف الانواع موضوعات کاانتخاب کیاجاتاہےاورایسے موضوعات کوترجیح دی جاتی ہے۔جن پر پہلی بارقلم اُٹھایا گیاہو۔علاوہ ازیں ایسے بہت سے شعراء،قلم کاراورثقافتی شخصیات کواس رسالے کے تحقیقی کام کی وساطت سے منظر عام پرلایاجارہاہے۔جواپنے کارناموں کی وجہ سے کافی اہم ہونے کے باوجود بھی تاابندم گمنامی کے عالم میں تھے۔

رسالے کاانگریزی حصہ بھی کافی اہم ہے۔اس میں کشمیری زبان وثقافت کے حوالے سے ایسے مضامین چھپتے ہیں جو غیرکشمیری محققوں کے علاوہ اُن کشمیری طالبِ علموں کے لئے بھی کارآمد ثابت ہورہے ہیں جوانگریزی لیٹریچر پڑھ رہے ہیں۔حتیٰ کہ ہم جانتے ہیں کہ کشمیر یونیورسٹی اورکالجوں میں جوانگریزی لٹریچر پڑھایاجارہاہے اُس میں ایک حصہ کشمیری ادب اورشاعری کے حوالے سے شامل ہے۔ایسے طالب علموں کی نصابی ضرورت کومدِّنظررکھ کربھی اس حصے میں مناسب مضامین چھپ رہے ہیں۔مثال کے طور پراس شمارے میں LAL DED AS A MYSTIC POET جیسے مضامین کوشامل کیاگیا ہے۔

آخر پر میں پھر سے اپنی اور سیکریٹری شری بھارت سنگھ منہاس کی طرف سے قلم کار حضرات سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ اپنے تحقیقی اور ترجمہ شدہ مضامین ہمیں بھیج کر اس رسالے کو آگے بڑھانے میں ہماری مدد کریں۔ اور ساتھ ہی یہ اُمید بھی رکھتے ہیں کہ آپ ہمیں اپنی قیمتی آراء سے بھی نوازیں گے۔ تاکہ اس رسالے کو زیادہ سے زیادہ بہتر بنایا جا سکے۔

مفتی شفیق الرحمٰن
انچارج آفیسر ٹرانسلیشن اینڈ ریسرچ سینٹر

☆

غلام نبی آتش

کشمیری لوک کہانیاں اور تواریخ

قوموں کے اجتماعی خیالات، توہمّات، عقائد، خواب، خواہشات، سوچ، نفسیاتی، نسلیاتی، سماجی، سیاسی اور مذہبی معاملات کے عکاس لوک ادب کی منتقلی سینہ بہ سینہ ایک نسل سے دوسری نسل کے لئے فی زمانہ جاری ہے۔ کشمیر اور کشمیری زبان کے وسیع اور گونا گوں لوک ادب کا بہت بڑا حصہ لوک کہانیوں پر مشتمل ہے۔ لوک ادب کی طرح لوک کہانیاں بھی عوام کے اجتماعی ذہن کی پیداوار ہوتی ہیں۔ کشمیر، جو لوک کہانیوں کی بہتات اور گونا گونیت کے لئے بہت مشہور ہے، میں لوک کہانیاں کہنے اور سُننے کا رواج مدتِ مدہ سے جاری ہے۔ مشہور ہے کہ انفرادی طور پر گناڈے نے، جس کا زمانہ چھٹی صدی عیسوی سے پہلے بتایا جاتا ہے، پشاچی زبان میں کہانیوں کی برہت کتھا نامی کتاب لکھی تھی، جس کو بقول شیشی شیکھر تو شخانی......''اس لئے جلانا پڑا کہ پشاچی میں لکھنے کی وجہ سے پنڈتوں نے اُس کی نکتہ چینی کی تھی''[1]۔ گناڈی کی روایت کو آگے لے جانے والے کئی اور مصنف تھے، جن میں سوم دیو، جو گیارہویں صدی عیسوی میں بقیدِ حیات تھا، کو ''کتھا سرت ساگر'' میں شامل کہانیاں لکھنے کی وجہ سے کافی شہرت ملی۔

انسان ابتدائے آفرینش سے اُن فطری طاقتوں اور مظاہر کو اپنے قابو میں کرنے

کے لئے کوشاں رہا ہے، جو اس کی دسترس سے باہر ہیں۔ وہ ہمیشہ فتح مندی اور خواہشات کی تکمیل کے خواب دیکھتا رہا۔ یہی وجہ ہے کہ اُس نے خیالوں کی دنیا میں مافوق الفطرت، اساطیری اور دیو مالائی کردار اور کہانیاں تخلیق کرنے کا عمل جاری رکھا۔ عملی دنیا میں نا قابلِ فہم اور ناممکن ہونے کے باوجود ایسی کہانیوں اور کرداروں کو مقبولیت ملتی رہی۔ ایسی کہانیوں میں پتھر بولتے ہیں، پہاڑ ہلتے ہیں، درخت چلتے ہیں، جانداروں کی روحیں اجسام بدلتی ہیں، آسمان سے پتھر برستے ہیں، حیوانات چمتکار کرتے ہیں، پرندے انسانوں کی طرح بولتے ہیں، دیو کا خاتمہ کرنے کے لئے طوطے کی گردن اور پری کو مارنے کے لئے مینا (ہأر) کی گردن مروڑلی جاتی ہے۔ جنوں کو بوتلوں میں بند کیا جاتا ہے۔ اُڑنے کے لئے وُڑھ پرِنگ (اُڑن کھٹولا) اور سمندروں کو پار کرنے کے لئے جادوئی قالین یا کراماتی کھڑاوٗں کام میں لائے جاتے ہیں۔ ڈاین کو غلام بنانے کے لئے اُس کی کنگھی چُرائی جاتی ہے۔ سوٕ برور اور بوٕ برور بھولے بھٹکوں کی رہنمائی کرتے ہیں۔ اس نوع کی کئی محیرّ العقول کہانیاں ستی سر جھیل کو خشک کر کے کشمیر کو انسانوں کی بود و باش کے لائق بنوائے جانے کے سلسلے میں کشپ ریشی، بودھ ارہٹھ اور حضرت سُلیمانؑ سے منسوب بیان کی جاتی ہیں۔ بلکہ مشہور مؤرخ پنڈت کلھن کی تاریخ راج ترنگنی کا معتدبہ حصہ ایسی ہی دیو مالائی اور اساطیری کہانیوں پر مشتمل ہے۔

اساطیری، دیو مالائی اور ماقوق الفطرت واقعات اور کہانیوں کے علاوہ کشمیری زبان میں دُنیا کی کئی اور زبانوں کی طرح ہر طبقے اور پیشے سے تعلق رکھنے والے، اچھے بُرے، چلتے پھرتے، کھاتے پیتے، ہنستے کھیلتے، روتے بلکتے، دوڑتے بھاگتے اور لڑتے

جھگڑتے انسانوں، حیوانوں اور پرندوں وغیرہ سے متعلق بے شمار کہانیاں موجود ہیں، جن میں سے کئی ایک کچھ نہ کچھ بالا فطری عنصر ضرور رکھتے ہیں۔ ان کہانیوں میں بڑے بڑے کارنامے انجام دینے والے، دم دبا کر بھاگنے والے، زیرک، عیّار، ٹھگ، ریاکار، بیوقوف، حوصلہ مند، سادہ لوح، ظریف، شریف اور رذیل کردار انسانی سماج اور انسانی فطرت و عقائد کے مختلف پہلوؤں کی بھرپور عکاسی کرتے ہیں۔

لوک ادب اگرچہ تواریخ کا مکمل متبادل نہیں ہوسکتا، تاہم اس میں فی زمانہ سماجی حالات، انسانی نفسیات، رسوم ورواج، عقائد وخواہشات محفوظ ہوتے رہتے ہیں۔ کشمیری زبان کی بہت سی لوک کہانیاں کشمیر کی تواریخ کو ضبطِ تحریر میں لائے جانے سے قبل بھی گردش میں تھیں اور اجتماعی ذہن ان کو ہر زمانے میں محفوظ کرتا رہتا تھا، جو اصل میں تحریری تواریخ کی عدم موجودگی میں سماجی تواریخ کا کام کرتی رہتی تھیں۔ کہانیوں اور واقعات کے چہروں سے کوئی لائق مؤرخ اگر اُن کا دیومالائی اور اساطیری لبادہ اُتارنے میں کامیاب ہوجاتا ہے تو تواریخ کے کچھ گُم شدہ واقعات ہاتھ آنے لگتے ہیں۔ تواریخِ کشمیر کے طالبعلموں کو معلوم ہے کہ پنڈت کُلہن راج ترنگنی کو سنسکرت میں منظوم کرنے کے دوران باون راجاؤں کے حالات معلوم نہ کرپائے تھے۔ اس لئے اُن کا تذکرہ بقولِ کُلہن راج ترنگنی میں نہیں ہوسکا۔ حالانکہ راج ترنگنی سے بہت پہلے تحریر شدہ ''رتنا کر پوران'' بھی کُلہن کو دستیاب نہیں ہوسکا تھا[۴]۔ پیر غلام حسین کھویہامی نے فارسی زبان میں ''تواریخ حسن'' کا دوسرا حصہ 1885ء میں مکمل کیا۔ اُس نے لکھا ہے کہ جب سلطان زین العابدین بڈشاہ (727 -789ھ) کے درباری مؤرخ ملاّ احمد نے حکمِ شاہی کی تعمیل کے طور پر ''وقائع

کشمیر'' نامی تواریخ فارسی میں لکھنا شروع کی تو چند سالوں کی تحقیق وتلاش کے بعد پرجا پنڈت کی مدد سے اس کو پنڈت رتنا کر کے ''رتنا کر پوران'' کے چند جُز دستیاب ہوگئے۔ اس طرح ملّا احمد نے رتنا کر پوران سے استفادہ کرکے باون گُم شُدہ راجاؤں میں سے پینتیس کا حال ''وقائع کشمیر'' میں درج کرلیا۔ خوش بختی سے تاریخِ حسن کی تالیف وترتیب کے وقت وقائع کشمیر کا ایک نسخہ، جو اُسے راولپنڈی میں دستیاب ہوا تھا، مؤرخ حسن کے زیرِ نظر آرہا ہے۔ اس طرح پینتیس گم شُدہ راجاؤں کا حال تاریخ حسن میں شامل ہوگیا (۵) ان راجاؤں میں سے چند ایسے بھی ہیں جن کے متعلق کہانیاں عوام الناس کے ذہنوں میں اس زمانے سے پہلے بھی محفوظ تھیں، جب مؤرخ اُن کے حالات کی تلاش میں سرگرداں تھے۔ مورخ علمی، تواریخی اور تحقیقی کُتب کی تلاش میں صدیوں تک مصروف رہے تا کہ گُم شدہ راجاؤں کی تفصیلات مل سکیں لیکن عوام صدیوں سے اپنے گھروں میں بیٹھ کر جاڑوں کی طویل سرد راتوں کے دوران اُن ہی راجاؤں سے متعلق کہانیاں سُن کر اور سُنا کر محظوظ ہوتے رہے تھے۔

کشمیری زبان میں ''ہی ناگ رائے'' کی مشہور عشقیہ داستان صدیوں سے چلی آرہی ہے۔ ناگی رائے یا ناگ ارجن ایک ناگ شہزادہ تھا۔ کچھ محققین کے اس دعوے کے باجود کہ......'' ناگ کبھی کشمیر نہیں آئے'' (۶) کشمیر میں ناگ اسطوریات کا آج بھی زبردست چلن ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ناگ کشمیر کے قدیم ترین باشندے تھے اور راج نیل اُن کا ایک نہایت پُر شکوہ اور طاقتور راجا گزرا ہے۔ ''ہی مال'' تاریخ حسن کے مطابق راجا بلدیو (703ق،م) کی حسین وجمیل بیٹی تھی، جس پر بقولِ داستان گو ناگ رائے یا ناگ ارجن

عاشق ہوگیا تھا۔ راجا بلدیو، بلدیو پورہ کا راجا تھا، کہا جاتا ہے کہ اس شہر کی باقیات میں بلہ پورہ گاؤں آج بھی موجود ہے جو شوپیان قصبے کے قریب واقع ہے۔ یہ راجا مؤرخ حسن کے ذریعے بازفت شدہ پینتیس راجاؤں میں سے ایک ہے۔ مؤرخ حسن نے سرسری تذکرے پر اکتفا کیا ہے لیکن عوام نے تمام تر جزئیات سمیت اس اسطوری مگر المیہ رومان کو لوک ادب کا مستقل حصّہ بنادیا ہے، جس کے ٹوپوگرافیکل Topographical نشانات آج بھی ملتے ہیں مثلاً کہانی میں یارون، رنبی آرہ، بوڈِ وَن، سُپر سومن وغیرہ جگہوں کے نام آئے ہیں۔ اور یہ جگہیں آج بھی موجود ہیں اور اُس چشمے میں پتھر کا وہ ہودج بھی، جس میں سے گزر کر ناگ ارجن نے پاتال (۷) کی راہ لی تھی۔ شوپیان میں ناگ رائے (ناگ ارجن) کا چشمہ بھی ہے، جہاں ناگ رائے سدا رام کے بستے میں داخل ہوگیا تھا۔ دُنیا کی دیگر زبانوں میں بھی اس نوع کی کہانیاں موجود ہیں (۸) لیکن ہمارے یہاں اس کی مقبولیت اور متذکرہ ٹوپوگرافیکل نشانات نے اس کہانی کو کشمیری الاصل بنادیا ہے۔ کچھ محقّقین کے خیال میں یہ کہانی ناگوں اور آریاؤں کے ٹکراؤ اور تضاد کی مثال ہے۔ بقولِ محمد یوسف ٹینگ......

''یہ بات آشکارا ہوتی جارہی ہے کہ ناگ کوئی سانپ عفریت وغیرہ نہ تھے بلکہ وہ کشمیر کے اصلی باشندے تھے۔ اُن کی انسان سے سانپ بن جانے کی کہانی کا رشتہ شمشیر و سناں کی بازی ہاری جانے کے ساتھ جُڑ جاتا ہے۔ آریاؤں نے حملہ آوروں کے روپ میں ناگاؤں کو تاخت وتاراج کردیا اور اُن کی صحیح عمرانی، نسلی اور تہذیبی تشکیل کو مسخ کردیا۔

تواریخی کُتب کی عدم موجودگی کے زمانے سے بہت پہلے سے یہ کہانی نہ صرف نسل در نسل عوام کے ذہنوں میں محفوظ رہی، بلکہِ شعراء نے اس کو کئی منظوم روپ دیئے (۱۰)

اور شعری و تخلیقی معنوں کے لئے استعمال کیا بلکہ مجموعی طور پر کشمیری زبان پر بھی اس کے اثرات مرتّب ہوتے رہے، حالانکہ اس کے تعلق سے کئی محاورے، الفاظ اور تلمیحیں آج بھی ہماری روزمرّہ کی گفتگو میں مستعمل ہیں۔

اسی طرح ہمارے داستان سراؤں کے پاس آج بھی راجا سچی نر کی ایک ناگ شہزادی چندر لیکھا کے ساتھ زبردستی کرنے کی پاداشت میں شہر نرپور کی تباہی کی کہانی ملتی ہے۔(۱۱) کلہن نے یہ کہانی تفصیل سے لکھی ہے۔لیکن کشمیری داستان کو کُلہن اور اُس کی راج ترنگنی سے بے خبر اس کہانی کو آج تک سینے سے لگائے ہوئے ہے۔اس کہانی میں بھی ناگاؤں اور آریاؤں کی رسہ کشی عیاں ہے۔حتیٰ کہ راجا سچی نر (1312 ک) اور اُس کے دارالخلافہ نرپور کو ناگوں نے نیست و نابود کر دیا، شہر پر اولے اور پتھر برسائے۔ چندر لیکھا کے باپ ششر وم اور ششروم ناگ کی بہن آرمینہ نے آگ بگولہ ہو کر شہر کی اینٹ سے اینٹ بجادی۔ راج ترنگنی کے شارح اس شہر کی نشاندہی بجبہاڑہ کے قریب کریوٗ چکردر (ژکدر) کے طور پر کرتے ہیں، حالانکہ لوک روایت ہے کہ ناگ زادی کا باپ ششروم اور اُس کا خاوند ویشنہ پنڈت امرناتھ یاترا کے پراچین کال کے پہلے پڑاؤ بجبی وارہ کے راستے امرناتھ کی طرف چلے گئے۔امرناتھ جاتے ہوئے راستے میں دو چشمے سُسر اور داماد سے منسوب ہیں۔ایک کو ششرم ناگ اور دوسرے کو جاماترناگ کہا جاتا ہے۔ششروم/ سَسُروم کے معنی ہیں سُسر اور جاماتر سے مُراد ہے داماد۔کشمیری میں اُن کو ہیہر سُند ناگ اور زامتری ناگ کہا جاتا ہے۔

راجا بومؤ رجو بقول مؤرخ حسن 1522 کے کل جگ میں تخت نشین ہوا تھا اور

بہت عادل تھا، اپنی چچیری بہن لولری کی محبت میں گرفتار ہوگیا۔ اُن کے عشق کی کہانی کے چرچے آج بھی ہماری لوک شاعری اور تخلیقی شاعری میں موجود ہیں۔ اس عادل بادشاہ کو عشق نے نِکما کردیا، تاج وتخت چھوڑکر پہاڑوں میں دیوانہ وار گھومنے لگا۔ حتیٰ کہ ایک لوک روایت کے مطابق کوہ پیر پنچال کی بلندیوں پر بانہال علاقے میں ایک ویران وپُر اسرار جگہ آج بھی راجا بومبور سے منسوب ہے، جس کو مقامی لوگ ''بومبرن باغ'' (یعنی بومبور کا باغ) کہتے ہیں۔ اس کہانی کے حوالے سے آج تک کشمیری زبان میں کئی محاورے اور الفاظ زبان زدِ خلائق ہیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ راجا بومبور بھی کلہن کے گُم شدہ بادشاہوں میں سے ایک ہے، جس کو مؤرخ حسن نے بازیافت کیا لیکن عام لوگ تواریخ کی بھول بھلیوں اور گورکھ دھندوں سے ہمیشہ دور رہ کر لوک ادب سے محظوظ ہوتے رہے ہیں، اس طرح واقعات بھی ذہنوں میں محفوظ کرتے رہے۔

ہمارے پاس کسی راجا مکُندی کی ایک اور کہانی ہے۔ اس راجا کا نام کسی مؤرخ نے نہیں لیا ہے۔ مگر لوک روایت کے مطابق یہ ایک منصف وعادل راجا تھا۔ اُس کے متعلق مشہور ہے کہ ایک بار وہ کسی پاک دامن عورت کے ساتھ دست درازی کرکے گُناہ کا مرتکب ہوگیا۔ عورت پاک دامن اور خدادوست تھی، وہ راجا کو شراب دے گئی۔ راج کے کان اتنے بڑھ گئے گویا بھینس کے کان ہوں۔ داستان گو کے مطابق یہ واقعہ ''کوٹھی یار'' نامی جنگل میں پیش آیا، یہ جنگل علاقۂ کوٹھہار میں موجود ہے۔ یہاں آج تک پانی کا ایک چشمہ اہلِ ہنود کی نظروں میں خاصا مقدس ہے۔ راجا حیران وپریشان ہوکر لوگوں کی نظروں سے اپنے کانوں کو چُھپانے کی کوشش کرتا رہا۔ کوئی علاج ومعالجہ کارگر نہیں ہوا، ایک بار بچے کھیل

کھیل میں یہ گیت گا رہے تھے۔

مأ کن راڑس مونشے کن
ییٖلہِ سُہ واتےَ کوٹھی یأر وَن
پأپی پانس ژِلہِ ہن ہن
اَدِ تس ژلہِ نے مأنشے کن

ترجمہ: ''راج مکُند کے کان بھینس کے کانوں جتنے لمبے ہوگئے ہیں، جب وہ کوٹھی یأر جنگل کے چشمے میں اپنا بدن کھرچ کر گناہ دھوڈالے گا، تب اس کے بھینس جیسے کان غائب ہوجائیں گے''۔

لوک روایت کے مطابق راجا مکندے نے چشمے میں اشنان کیا۔ گناہوں سے خلاصی پا کر اُس کے کان پہلے جیسے ہوگئے۔

راجا سہدیو 1362 بکرمی میں کشمیر کا راجا بنا تھا، اُس کے دورِ اقتدار میں (1380 بکرمی) چنگیز خان کے بیٹے ہلاکو خان کے ایک دور کے رشتہ دار ذوالقدر خان نے، جس کو ڈُلچو بھی کہا جاتا ہے، ستر ہزار آتش بار سپاہیوں کی جمعیت لے کر کشمیر پر حملہ کر کے اِس مُلک کو تاخت و تاراج کر دیا۔ سہدیو اور اُس کی فوج بُری طرح پسپا ہوگئی۔ ذوالقدر خان کے سپاہی آٹھ مہینوں تک آتشزنی اور قتل و غارت میں مصروف رہ کر پت جھڑ کا موسم شروع ہوتے ہی مال و دولت اور قیدی لے کر علاقہ دِوسر کے راستے واپس جانے لگے۔ پہاڑ پر ان سبھوں کو برفانی طوفان نے گھیر لیا اور نابود کر دیا۔ کشمیر میں بچے کھچے لوگ غاروں میں پناہ گزین ہوگئے تھے۔ کہتے ہیں کہ بعد میں صرف گیارہ کنبے بچ گئے تھے،

جنھوں نے سرینگر میں نئے سرے سے بود باش اختیار کی۔ مؤرخوں نے اس حملے کو تفصیل سے لکھا لیکن عام کشمیری مؤرخوں کے انتظار میں نہیں رہے۔ اُنہوں نے اس تواریخی واقعے کو لوک کہانی کا روپ دے کر ایک نسل سے دوسری نسل کو منتقل کیا۔ اگر چہ تفصیلات کے ساتھ یہ واقعہ ''ظالم خان'' (۱۲) نام کی کشمیری کہانی میں آج بھی موجود ہے لیکن کہانی کو اسطوری رنگ و روپ دیا گیا ہے۔ لوک کہانی میں کوہ قاف سے آئے ہوئے ظالم خان کے حملے کو کشمیریوں سے سرزد ہوئے پاپوں کا نتیجہ بتایا گیا ہے۔ حالانکہ کچھ پاک دامن بے گُناہ کشمیری لڑکیوں کی دُعائے بد کو ظالم خان کی تباہی کی وجہ قرار دیا گیا۔

کشمیریوں کے قبولِ اسلام کے عمل سے کشمیری لوک ادب میں عرب و عجم کے اساطیری واقعات اور کردار بھی شامل ہوگئے۔ کتب تواریخ سے قطعِ نظر عوام کے اجتماعی حافظے میں سُلطانوں، چکوں، مغلوں، پٹھانوں، سکھوں اور ڈوگروں کے ادوار کے بے شُمار حوادث، واقعات اور معاملات سے متعلق کہانیاں محفوظ رہی ہیں۔ حضرات، سادات، ریشیوں اور دیگر صوفی بزرگوں سے متعلق بے شمار واقعات زبان زدِ خلائق ہیں۔ کشمیر کی مشہور شو یوگنی لل دید (للیشوری) اور حضرت علمدار کشمیر شیخ نور الدین ریشیؒ سے متعلق عقیدتی قصص کی بڑی تعداد ہمارے لوک ادب کا حصہ ہے۔ اُن کے حالات، واقعات اور کرامات کو موجودہ دور تک لوگوں نے سینہ بہ سینہ ایک نسل سے دوسری نسل تک پہنچایا ہے، حالانکہ مؤرخوں نے اپنی کتابوں میں اُن کا ذکر کئی صدیاں گزرنے کے بعد کیا۔

ہمارے یہاں کئی تواریخی شخصیات کے ارد گرد اسطوریات کا لبادہ اوڑھایا گیا ہے۔ مثال کے طور پر راجا اونتی ورمن کے زمانے کے مشہور انجینئر حکیم سُیا کے ساتھ بالا

فطری واقعات جوڑے گئے ہیں، اس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ چمتکاری تھا۔ کسی چمارن نے اُسے کہیں پالیا تھا۔ لیکن بالا فطری لبادے کے نیچے وہ ایک ذہین کشمیری تھا۔ جس نے اپنی ذہانت اور حکمت عملی سے خطرناک سیلابوں کو روکنے یا اُن کی شدت کو کم کرنے کا اہم کام کیا تھا۔ اسی طرح کشمیر کے خودمختار بادشاہ یوسف شاہ چک کی ملکہ حبہ خاتون بھی لوک ادب میں نہ صرف اپنی ذہانت اور موسیقی کی مہارت کی وجہ سے جگہ پا گئی بلکہ اس کی زندگی کے بارے میں بھی ایک لوک کہانی مشہور ہے۔

تاریخ کا کون طالب علم نہیں جانتا ہے کہ بادشاہ نورالدین جہانگیر کشمیر جنت نظیر کے ہوش رُبا مناظر سے لُطف اندوز ہونے کے لئے **1627ء** میں آخری بار یہاں آیا تھا۔ واپسی پر اُس کی طبیعت خراب ہوگئی اور راجوری پہنچ کر چنگس کے مقام پر اُس نے اپنی جان، جان آفرین کے سپُرد کردی۔ یہ تو اریخی واقعہ ہے لیکن اُس کی موت کے بارے میں اُن پہاڑی علاقوں میں آج بھی کئی ایک لوک کہانیاں گردش میں ہیں۔ مغل گورنر علی مردان خان کے خزانے کے متعلق لعل غلامی نامی جگہ پر راستہ تعمیر کرنے کے بارے میں بھی محیرّ العقول کہانیاں مشہور ہیں حالانکہ گورنر موصوف نہایت ذہین اور تعمیرات کھڑا کرنے کی خاصی صلاحیت رکھنے والے تھے۔ لعل غلام ولی جگہ مغل روڈ پر واقع ہے۔

لوک ادب اور لوک کہانیاں اگر چہ پوری طرح تواریخ کا متبادل نہیں، تاہم موجودہ زمانے میں کئی مؤرخین اور محققین کے مطابق اس کو سماجی تواریخی حقائق کو جاننے اور ان کو ترتیب دینے کے لئے Source Material کے طور پر استعمال کیا جاسکتا ہے۔ فوک لور کی بنیاد اور شہادت پر اگر چہ سیاسی تواریخ مکمل طور پر تیار نہیں کی جاسکتی ہے پھر بھی

اساطیر اور روایات تواریخ کے ٹوٹے تسلسل کو بحال کرنے میں ممد و معاون ہیں۔(۱۵)۔

کشمیر اور کشمیری زبان میں موجود لوک ادب دیکھ کر یورپی فاضلوں نے اس کی بہتات اور گونا گونیت کا اعتراف کیا ہے۔ جے، ہنٹن نولز نے 1887ء میں چونسٹھ کشمیری لوک کہانیوں کا ترجمہ Folk tales of Kashmir کے عنوان سے ایک مجموعہ میں شائع کیا، اس کے دیباچے میں وہ یہ بڑی بات کہہ گئے ہیں:

"Kashmir as a field of folk lore literature is perhaps not surpassed in fertility by any other country in the world(12)

کتابیات:

۱۔ کأشرِ لُکہٕ کتھٕ۔ شئے جلد۔ کلچرل اکیڈیمی۔

(کشمیری لوک کہانیاں: چھ جلدیں۔ مطبوعہ کلچرل اکیڈیمی)

۲۔ راج ترنگنی (اُردو ترجمہ) اصل: سنسکرت، مؤرخ: پنڈت کلہن، ترجمہ کار اچھر چند۔ پبلشر: لایٹ اینڈ لایف پبلشرز، پہاڑ گنج نئی دہلی 1979ء

۳۔ شیرازہ (اردو) فائل، کلچرل اکیڈیمی۔

انگریزی:

1. M.H.Zafar.Ghulshan Majeet ,Approaches to Kashmir studies institue of Kashmir studies University of Kashmir,Gulshan Books:2012

2.Farooq Fayaz Kashmir Folklore, A study in historical prespective .Gulshan Books:2008

فارسی:

۱۔ تاریخِ حسن۔ حصہ اول و دوم۔ پیر غلام حسن شاہ کھویہامی۔ پبلشر: ریسرچ اینڈ پبلکیشن ڈیپارٹمنٹ ،حکومت جموں وکشمیر:1954ء

بشیر احمد ڈار

کشمیر کے جلیل القدر صوفی ......حضرت خواجہ حبیب اللہ عطارؒ

سرزمینِ کشمیر میں جن عظیم المرتبت اور جلیل القدر صوفیاء کرام نے شہرت پائی اُن میں خواجہ حبیب اللہ گانی رحمۃ اللہ علیہ کا نام خاص طور پر قابلِ ذکر ہے اُن کا پورا نام خواجہ حبیب اللہ گانی رحمۃ اللہ علیہ ہے اور عطّار کے نام سے معروف ہیں۔ اُن کے والدِ محترم خواجہ حبیب اللہ گانی ہیں۔ جن کا قبیلہ روساءِ کشمیر یعنی امیر ترین اصحاب میں شامل تھا۔ اُن کے والد نے اُن کی کم سنی میں وفات پائی اور وہ بچپن میں ہی یتیم ہوگئے۔ وہ نہایت حسین و جمیل تھے۔ جوانی میں خدا پرستی کا ذوق پیدا ہوا۔ ایک دن حضرت خواجہ یعقوب دارولی رحمۃ اللہ علیہ خلیفۂ حضرت میر سید شاہ قاسم حقّانی رحمۃ اللہ علیہ کی اُن پر نظر پڑی۔ وہ بہت متاثّر ہوئے اور اس کو اپنا روحانی فرزند بنالیا۔ ظاہری شکل وصورت کے علاوہ ان میں باطنی استعداد کا مادہ بھی تھا۔ خواجہ اعظم دیدہ مری واقعاتِ کشمیر میں رقمطراز ہیں ''کہ کچھ عرصہ کے لئے لاہور گئے جہاں حضرت میاں میر رحمۃ اللہ علیہ کی جناب سے سلسلۂ قادریہ کی سند حاصل کی۔ حضرت مرزا کامل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت میاں میر رحمۃ اللہ علیہ کو حضرت غوث الاعظم شیخ سید عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ خواب میں دکھائی دیئے اور انہیں اپنی روحانی امانت کے بارے میں وصیّت فرمائی کہ اسے کشمیر میں میرے روحانی فرزند خواجہ

عطّار رحمۃ اللہ علیہ کے سپرد کردینا۔ کہا جاتا ہے کہ حضرت میاں میر رحمۃ اللہ علیہ نے کشف کے ذریعے خواجہ عطّار رحمۃ اللہ علیہ کو اس کی اطلاع دی اور یہ بھی کہا کہ اس مقصد کے لئے اگر آپ کہیں تو میں کشمیر کا سفر کروں گا یا آپ ہی یہاں تشریف لائیں۔ خواجہ عطّار رحمۃ اللہ علیہ نے عرض کیا کہ وہ ہی یہ سعادت حاصل کرنے کے لئے لاہور آئیں گے۔ اس طرح خواجہ عطّار رحمۃ اللہ علیہ سلسلۂ قادریہ سے بھی سرفراز ہو گئے۔ خواجہ اعظم دیدہ مری یہ بھی لکھتے ہیں کہ اُن کی والدہ کی جدہ (نانی یا دادی) کو آنجناب یعنی خواجہ عطّار رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ نکاح اور شرفِ ازدواج کی سعادت نصیب ہوئی۔ وہ ان کے کمالاتِ عجیبہ سے متعلق نادر حکایات بیان کرتی تھیں۔ ان میں سے کچھ کا ذکر کتاب ''ثمرات'' میں مرقوم ہے۔ وہ عصمت مآب خاتون بھی زندگی کے آخری ایّام تک عبادات واذکار کی پوری طرح پابندی کرتی تھیں۔ جیسا کہ اوپر لکھا گیا کہ حضرت خواجہ عطّارؒ حضرت خواجہ یعقوب دارولیؒ کے حلقۂ ارادت میں شامل تھے۔ جب حضرت خواجہ یعقوبؒ کا وصال ہوا تو اسی دوران جناب حضرت میر سید شاہ قاسم حقّانی رحمۃ اللہ علیہ کی حرمین کے سفر سے واپسی ہوئی۔ اُنہوں نے حضرت خواجہ یعقوب دارولی رحمۃ اللہ علیہ سے روحانی طور استفسار کیا کہ ہماری امانت کسی شاگرد کے سپرد کی ہے یا اپنے ہمراہ ہی لے گئے ہیں؟ تو اُنہوں نے جواباً عرض کیا کہ میں حبیب اللہ نامی ایک لڑکے کے ساتھ اس معاملے میں عشقبازی کر رہا تھا۔ یا یوں کہیے کہ راہِ حق کا سفر طے کرنے کے لئے جو گرانقدر نسخہ آپؒ نے مجھے عنایت فرمایا تھا وہ میں نے خواجہ حبیب اللہ گانی رحمۃ اللہ علیہ کو عطا کیا ہے۔ چنانچہ اُنہوں نے خواجہ رحمۃ اللہ علیہ کو بڑے التفات سے طلب کیا اور بذاتِ خود ان کی تربیت فرمائی۔ لطائف الحقّانی میں درج ہے کہ

خواجہ حبیب اللہ عطّار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ان ہی دنوں حضرت شاہ قاسم رحمۃ اللہ علیہ نے کسی کے ذریعے مجھے بلاوا بھیجا۔ جب میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا تو حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے حاضرین سے فرمایا: کہ سبحان اللہ! جناب حضور اکرم ﷺ نے مدینہ منوّرہ میں اس جوان کو (روحانی حالت میں) میرے حوالے کیا اور اس کے متعلّق یہ فرمایا کہ یہ کامل استعداد رکھتا ہے۔ پھر مجھ سے اپنے پیر یعنی خواجہ یعقوب دارولی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی احوال بیان کرنے کا حکم صادر فرمایا۔ میں نے عرض کیا کہ جو کچھ روحانی مقامات کی کیفیت میں نے گزرے ہوئے زمانے کے بزرگوں کے بارے میں سُنی ہے ان خصوصیات کو ان میں پایا۔ خواجہ حبیب اللہ عطّار رحمۃ اللہ علیہ اپنی اس پہلی ملاقات کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ اس مجلس میں ایک شخص انار سے دانے نکالتا تھا اور دانے نکالنے میں آداب یا صفائی ستھرائی کا خیال اچھی طرح نہیں رکھ رہا تھا۔ یہ دیکھ کر مجھے ناگوار ہوا۔ حضرت شاہ قاسم رحمۃ اللہ علیہ کو قیافہ سے معلوم ہوا۔ چنانچہ اُنہوں نے اس شخص کی طرف اشارہ کیا اور اُس نے انار میرے ہاتھ میں دے دیا۔ میں نے انتہائی کوشش کی کہ میرا ہاتھ کسی دانے تک نہ پہنچے یعنی صفائی کا ایسا اہتمام کیا کہ ہاتھ دانوں کو لگائے بغیر جھلی سے دانے الگ کیئے۔ ایسا طرزِ عمل دیکھ کر حضرت شاہ قاسم رحمۃ اللہ علیہ نے میری سراہنا کی اور فرمایا کہ تو اس خدمت کے لائق اور اس (روحانی) خاندان کے شایانِ شان ہے۔ حسنِ سیرت اور حسنِ صورت کی بنا پر انہیں حضرت شاہ قاسم رحمۃ اللہ علیہ کی جناب میں پوری پوری قبولیت حاصل ہوئی۔ اُسی وقت اپنی خاص مہر کے ساتھ خطِ ارشاد عطا کرنے کے بعد مجھے گوناگوں عنایتوں سے نوازا۔ مؤرخ پیر حسن شاہ کھویہامی تاریخِ کشمیر میں لکھتے ہیں کہ

حضرت میر سید شاہ قاسم حقّانی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک دن یہ فرمایا کہ میں نے اپنے سرمایہ کے تین حصے کر دیئے ہیں۔ دو حصے خواجہ حبیبؒ کو دے دیئے اور ایک حصہ اپنے فرزند شاہ قطب الدین کے لئے رکھا۔ خواجہ عطّار رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ پھر (اسی پہلی مجلس میں غالبًا) مجھ سے حضرت شاہ حقّانی رحمۃ اللہ علیہ نے استفسار کیا کہ تیرا پیر (خواجہ یعقوب دار ولی رحمۃ اللہ علیہ) میرے بارے میں کیسا اعتقاد رکھتا تھا؟۔ میں نے عرض کیا کہ اُن کا جناب والا کے بارے میں جو اعتقاد تھا میں اس کو بیان کرنے سے عاجز و قاصر ہوں۔ لیکن ایک قصہ جو میرے سامنے پیش آیا وہ یوں ہے کہ ایک دن اُنہوں نے ایک شخص سے پوچھا کہ وہ کہاں کا رہنے والا ہے اس نے جواب میں کہا کہ وہ علاؤالدین پورہ کے محلے میں ملّا قاسم رحمۃ اللہ علیہ کا ہمسایہ ہے یہ کہنا تھا کہ خواجہ یعقوب رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی جانب قہر انگیز نظروں سے دیکھا۔ اچانک وہ شخص بے اختیار کنکریوں کی مانند زمین سے اوپر ہوا میں اُٹھا یہاں تک کہ وہ گھر کی چھت سے (جو شاید یک منزلہ جھونپڑی کی تھی) ٹکرا گیا۔ وہ بار بار نیچے آتا اور پھر اوپر کی طرف اُٹھتا۔ میں نے عرض کی کہ یہ مر رہا ہے حضرتؒ نے فرمایا کہ مگر میں نہیں مرا۔ کچھ لمحوں کے بعد وہ شخص فوت ہو گیا۔ خواجہ حبیب اللہ عطّار رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ اس کے بعد حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے مجھے اپنی خدمت میں رہنے کی اجازت دی اور خواجہ عطّار رحمۃ اللہ علیہ حضرت شاہ حقّانی رحمۃ اللہ علیہ کے مقبولانِ خاص میں شمار ہوئے۔ یہاں تک کہ میں نے حضرت خواجہ یعقوب شاہ رحمۃ اللہ علیہ سے تلقین پائی ۔لہٰذا حضرت شاہ قاسم رحمۃ اللہ علیہ خواجہ عطّار رحمۃ اللہ علیہ کو "ذو نسبتین" یعنی دو نسبتوں والا لکھتے ہیں اور حضرت یعقوب دار ولیؒ کو اشارۃً خرقہ والا خواجہ کہا ہے ۔ آپؒ کمالاتِ

طریقت میں شاہ قاسم حقانی رحمۃ اللہ علیہ سے بہرور ہوئے۔ حضرتؒ کے وصالِ کے بعد کمالِ استقامت سے لوازمِ طریقہ پر قائم رہے اور یوں مرتبۂ ارشاد حاصل کیا۔ ایک روز خواجہ مسعودی پانپوری المعروف شوگہ بابا پانپوری رحمۃ اللہ علیہ حضرت خواجہ عطّارؒ کی خدمت میں آئے اور یہ کہا کہ حضرت شاہ قاسم حقانیؒ صاحبِ کمال تھے لیکن آپ کو ان کی صحبت بہت کم عرصے کے لئے نصیب ہوئی۔ حضرت خواجہ عطّارؒ نے فرمایا: آپ نہیں جانتے ہو کہ حضرت شاہ رحمۃ اللہ علیہ دریائے بیکران کی مانند تھے۔ لہٰذا ان سے فیض پانے کے لئے زیادہ طویل صحبت اختیار کرنے کی ضرورت نہیں تھی۔ حضرت خواجہ عطّارؒ نے فرمایا کہ حضرت شاہ قاسمؒ کے وصال کے بعد وہ کوہِ بانہال میں گوشہ نشین اور معتکف ہوگئے۔ ایک دن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جلوہ نما ہوئے اور مجھے مخاطب کر کے فرمایا۔

ہر کہ افتاد قبولِ تو قبول افتادم

غالباً یہ حضرت شاہ قاسمؒ سے خطاب ہے یعنی جس پر تم مہربان ہوگئے میں بھی اس پر مہربان ہوگیا۔ روایت یہ ہے کہ خواجہ عطّارؒ اورادِ فتحیہ پڑھنے کے دوران جب درود وسلام کے اس فقرے پر پہنچے ''الصلوٰۃ والسّلام علیک یا شفیعَ المذنبین ﷺ'' تو حضرت رسولِ اکرم ﷺ تشریف فرما ہوئے۔ آپؐ نے اپنی زبانِ دُرفشان سے یہ کلمہ دہرایا کہ یہ کلمہ مجھے تمہاری زبان سے سننا بہت اچھا لگا۔ آپؐ نے فرمایا کہ اس کلمہ کو تین بار دُہرایا کرو اس کے بعد خواجہ عطّار رحمۃ اللہ علیہ اس کلمہ کو تین بار دہراتے تھے۔ اسی بنا پر اس کلمہ کو ہر جگہ ہر کوئی شخص تین بار دہراتا ہے حالانکہ اورادِ فتحیہ میں حضرت امیر کبیر میر سید علی ہمدانیؒ سے ایک ہی بار منقول تھا۔

مصطفیٰ از سلامِ او خوشنود
پس بگفتش بخوان و کن تکرار

بہت سے بیمار لوگ خواجہ حبیب اللہ عطّار رحمۃ اللہ علیہ کے پاس شفاء کی دُعاء کرانے اور علاج و معالجہ کے لئے آتے تھے۔ شعبۂ طب میں ید طولیٰ رکھتے تھے اور ان مریضوں کا اُلٹی یعنی مخالف چیزوں سے علاج کرتے تھے وہ اس علاج سے شفاء پاتے تھے۔ حضرت مرزا اکمل الدین بیگ خان بدخشی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ان کے ذریعے بیماروں کے شفا پانے کی اتنی طویل تفصیل ہے کہ اس کے لئے ایک الگ کتاب درکار ہے وہ فرماتے ہیں کہ ایک دن خواجہ عطّار رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں ایک مریض آیا اور اس نے عرض کیا، حضرت میری نبض دیکھیئے۔ حضرت خواجہ عطّار رحمۃ اللہ علیہ نے غصّے سے فرمایا: کیا میں طبیب ہوں؟ اور اپنے خادموں سے کہا کہ اس مریض کو میرے سامنے سے ہٹادو۔ خدّام نے حکم کی تعمیل میں اس مریض کو وہاں سے نکال دیا۔ اور مجھ (مرزا اکملؒ) سے فرمایا کہ اس بیمار کی خبر لاؤ کہ وہ کس محلے کا ہے؟۔ میں اس کے پیچھے چل پڑا اور ابھی میں نے آدھا ہی راستہ طے کیا تھا کہ میں نے دیکھا کہ وہ مریض راستہ میں ہی گر پڑا اور فوت ہوگیا۔ واپس آکر میں نے حضرت خواجہ رحمۃ اللہ علیہ کو اس بارے میں آگاہ کیا تو اُنہوں نے فرمایا کہ میں نے اُس کی پیشانی سے ملک الموت کے اثرات دیکھے تھے مجھے اندیشہ ہوا تھا کہ کہیں یہاں پر ہی اس کی موت واقع نہ ہوجائے۔ ایک دن ایک شخص حضرت خواجہ رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں آیا اور ان سے پوچھا کہ آیا اخوند ملاّ شاہ بزرگ ہیں یا اخوند ملاّ طبیب؟ صورتحال یہ تھی کہ اُس وقت یہ دونوں شخص اس دنیا سے چلے گئے تھے۔ یہ سُن کر خواجہ عطّار

رحمۃ اللہ علیہ سخت ناخوش ہوئے اور سخت لہجے میں فرمایا کہ میں کیا جانتا ہوں ،اُن ہی یعنی اخوند ملّا شاہ اور اخوند ملّا طبیب سے پوچھیئے۔ وہ شخص گھر پہنچتے ہی فوت ہو گیا۔

(آں کہ جاں بخشد اگر بکُشد رواست) یعنی جو جان بخشنے کا حق رکھتا ہے اگر وہ مارے تو روا ہے۔ شیخ اکمل الدینؒ لکھتے ہیں کہ ایک دن میں حضرت خواجہ عطّار رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں بیٹھا ہوا تھا اور میں کتاب زبدۃ الحقایق یعنی تمہیداتِ عین القضاۃ ہمدانی کا مطالعہ کر رہا تھا۔ شیطان کا ذکر چل رہا تھا۔ اچانک سخت زلزلہ آیا۔ میں سمجھا کہ مکان گر جائے گا ۔ کچھ وقت کے بعد ایک لمبے قد کا سیاہ رنگ آدمی دروازے سے اندر آیا۔ اس نے سلام کیا اور حضرت خواجہ عطّارؒ کے سامنے چار زانو ہو کر بیٹھ گیا۔ دونوں نے آپس میں کافی باتیں کیں مگر میں کچھ نہ سمجھ پایا۔ سوائے آخری بات کے جو حضرت خواجہؒ نے فرمائی اور وہ یہ تھی کہ تم نے کس قدر عبادت کی تھی اب اگر ایک سجدہ کیا ہوتا تو کیا ہو جاتا؟ حضرت خواجہ کا کلام ہر اعتبار سے اس پر اثر انداز ہو رہا تھا۔ اور اس کا سیاہ رنگ رفتہ رفتہ سفید ہوا جا رہا تھا۔ یہاں تک کہ مجلس کے اختتام پر اس کا سارا چہرہ سفید ہو گیا پھر کچھ دیر بعد وہ چلا گیا۔ میں نے کہا کہ یہ مرد کون تھا؟ آپؒ نے فرمایا کہ یہ شیطان تھا۔ اور یہ آج تک اس اُمّت میں کسی بھی ولی اللہ سے اپنی اصلی شکل میں نہیں ملا ہے۔ سوائے حضرات ابو الجناب رحمۃ اللہ علیہ اور اس فقیر کے کہ ہم دونوں کی دُعاء کو اللہ تعالیٰ نے قبولیت فرما کر ہم دونوں کو شیطان کو اس کی اصل صورت میں دکھایا۔ حضرت مرزا اکمل الدین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے پوچھا کہ حضرت کا سوال سجدہ کے متعلق تھا جو پوشیدہ رکھا گیا۔ پھر میں نے اس کی صورت کی تبدیلی کے بارے میں عرض کیا اُنہوں نے فرمایا کہ یہ ولایت کی روشنی ہے جس کسی پر بھی

چمکتی ہے وہ روشن ہو جاتا ہے۔اور جب وہ اس جگہ سے اُٹھ جاتا ہے تو وہ اپنے اصلی رنگ میں پھر نمودار ہو جاتا ہے۔اس واقعے کا لب لباب یہی ہے کہ شیطان جیسی مخلوق پر بھی ولی اللہ کی صحبت میں رہنے سے مثبت تبدیلی آسکتی ہے لیکن اس سے دوری اختیار کرنے پر وہ اپنی اصل خصلت یا کردار کی طرف لوٹ جاتا ہے۔

ایک اور واقعہ ان کے حوالے سے یوں بیان ہوا ہے کہ ایک دن حضرت شیخ عبدالنّبی کبرویؒ جو اس زمانہ کے مشہور مشائخ میں سے تھے نے عرس مبارک حضرت سیادت پناہ میر سید علی ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ کی تقریب کے سلسلے میں ایک ضیافت کا اہتمام کیا تھا جس میں بعض اکابر اور معزّزین کو دعوت دی گئی تھی۔حضرت منبعِ اسرار خواجہ حبیب اللہ عطّارؒ بھی اس دعوت کو قبول کر کے تشریف لائے تھے۔اتفاقاً مفتی ملّا محمد مانجی جو بابا کے مریدوں میں سے تھے وہ بھی حاضر ہوئے۔سب حاضرین اُن کی تعظیم میں کھڑے ہو گئے۔حضرت خواجہؒ جو اکثر مراقبہ میں ہوتے تھے ان کو مُفتی صاحب کے آنے کی اطلاع نہیں ہوئی۔اس لئے وہ ان کی تعظیم میں کھڑے نہیں ہوئے۔جس کی وجہ سے مفتی صاحب کو ناگواری ہوئی۔ جب حضرت خواجہؒ نے مراقبہ سے سر اُٹھایا تو اتفاقاً مجلس میں علمی ماحول چھایا ہوا تھا اور علمی بحث ہو رہی تھی حضرت خواجہؒ نے علمی نکات کے خاطر خواہ جوابات دیئے۔مفتی صاحب حضرت خواجہؒ کے ان کی تعظیم میں اُٹھنے کی وجہ سے سخت ناراض تھے لہذا اُنہوں نے حضرت خواجہؒ کو مخاطب کر کے کہا: کہ جب اہلِ علم حاضر ہوں تو چپ رہا کرو۔اُمیّ کے لئے مناسب نہیں کہ وہ اس وقت بات کرے۔حضرت خواجہؒ یہ سُن کر بہت شرمندہ ہوئے۔اور فرمایا کہ اُمیّ اہلِ علم کی مجلس کے لائق نہیں۔یہاں تو نفاق کی بو آتی ہے۔یہ فرما کر مجلس سے

اُٹھ کر چلے گئے۔صاحبِ خانہ یا میزبان نے ان کے پیچھے جا کر اُن کو راستہ میں روکا اور بہت عجز وزاری کی اوران کو واپس گھر لا کر دوسرے کمرے میں بٹھا دیا۔اسی اثناء میں ایک شخص آیا اوراس نے عرض کیا کہ مفتی صاحب کہتے تھے کہ اے دوستو گواہ رہو کہ اس شخص نے مجھے منافق کہا ہے۔کل میں اس کو برسرِ عام منصوؔرؒ کی طرح سزا دوں گا۔حضرت مرزا کاملؒ فرماتے ہیں کہ یہ بات سُننے سے حضرت خواجہؒ سخت ناراض ہوئے۔بحر العرفان میں منقول ہے کہ اُنہوں نے فرمایا:

بود منصور پیشِ مرشدِ خویش
پایِ بیرون نہادہ از حدِ خویش
در حقِّ او دعایِ پیران بود
تازِ انجام کار اونمود
در حقِّ من دعایِ پیران نیست
بر سخنہائی مولوی جان نیست
باطنِ پیرِ من مددگار ست
درچنیں وقتہا مرایاراست
چشم دارم کہ ہم درین محفل
قہرِ حق می شود برو نازل
مولوی کہ بعلم مغرورست
تابفرداش راہ بس دور است

گرمنم	جانشینِ	درویشان
مولوی	شدحوالۂ	ایشان

ترجمہ:

منصورؒ جب کہ اپنے مرشد کے پاس تھا اس نے اپنے حدود سے باہر پاؤں رکھا اس کو پیروں کی بددُعا تھی۔ یہاں تک کہ اس کو اس (کے دعوائے اناالحق) کا انجام دکھلا دیا۔ میرے خلاف مرشدوں کی دعا نہیں ہے یعنی میں نے ایسا کچھ نہیں کیا ہے کہ میرے مرشد مجھے منصورؒ جیسی دعا دیں۔ مولوی کی باتوں میں جان نہیں یعنی ان میں کوئی وزن نہیں۔ میرا مرشد باطنی طور میرا مددگار رہے۔ ایسی ضرورت کے وقت وہ میرا دوست ومددگار ہے۔ مجھے یہ اُمید ہے کہ اسی مجلس میں مولوی کے کلام کی وجہ سے اس پر اللہ کا قہر نازل ہوجائے گا۔ مولوی جو اپنے علم پر مغرور ہے اس کے لئے کل کی راہ بہت دور ہے۔ اگر میں واقعی درویشوں کا جانشین ہوں تو مولوی کا فیصلہ اُن کے حوالے ہے۔

حضرت خواجہ عطارؒ دیگر اصحاب کے ساتھ کھانا کھانے سے فارغ ہوئے۔ اہلِ مجلس اور مولوی ابھی کھانا کھا ہی رہے تھے کہ مولوی کو قے آنے لگی اور اس پر فالج کا دورہ پڑا۔ وہاں سے اس کو اُٹھا کر اس کے گھر لے گئے۔ طبیبوں نے اگرچہ اس کا بہت علاج کیا لیکن کوئی افاقہ نہ ہوا۔ فقیر کی دعاء بدستور غالب تھی۔ چار و ناچار مولوی کا کوئی قریبی شخص اس کے خاندان کی چند خواتین کے ہمراہ اس کو ساتھ لے کر اُن کے دولت خانہ پر اظہارِ معذرت کے لئے حاضر ہوا۔ اور ان سب نے نہایت عجز وزاری کی۔ حضرت خواجہؒ کو اس کے حال پر رحم آگیا۔ اُس کی صحت یابی کے لئے ہاتھ دُعا کے لئے اُٹھائے۔ اسی وقت

مولوی کی زبان کُھل گئی۔مولوی نے کہا کہ جو کچھ علم میں نے پڑھا میں نے دیکھا کہ اس کی قدر و قیمت بال برابر بھی نہیں۔ کہتے ہیں کہ جو تیر کمان سے نکل گیا وہ واپس نہیں آتا۔ حضرت خواجہؒ نے فرمایا توبہ کرو، شاید ایمان سلامت رہے۔مگر اس نے جونہی استغفار کرنے کا ارادہ کیا اس کی زبان پھر بند ہوگئی۔پھر اس کو اُٹھا کر لے گئے اور وہ راستے میں ہی فوت ہوگیا۔سردی کی وجہ سے اس کے تمام اعضا سرد ہوگئے، غسل دینے کے وقت لوگوں نے کوشش کی کہ اس کے ہاتھ پاؤں دراز کریں مگر وہ بالکل نہ کھل سکے۔اس واقعہ کی توجیہ اس حدیثِ مبارک سے کی جاسکتی ہے جو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ”اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جس شخص نے میرے کسی ولی سے دشمنی کی میرا اس کے ساتھ اعلانِ جنگ ہے“۔اس حدیث شریف سے عیاں ہے کہ وہ مومن جو ایمان اور تقویٰ کے تمام مراحل طے کر چُکا ہو، اب ایسے ولی سے جو بھی بغض رکھے گا، عداوت رکھے گا، دشمنی کرے گا تو اللہ کی طرف سے اس کے خلاف اعلانِ جنگ ہے۔ظاہر بات ہے کہ یہ تو مروّت اور شرافت کا تقاضا ہے۔اگر ایک شخص اللہ کی عبادت میں لگا ہوا ہے تو اس کے دشمن اللہ کے دشمن ہوگئے، لہٰذا اللہ کے اولیاء سے عداوت رکھنے والے براہِ راست اللہ سے جنگ مول لیتے ہیں۔

ایک دن ایک بزرگ خاتون نے حضرت خواجہ رحمۃ اللہ علیہ سے عرض کیا کہ میری تمام عمر کا سرمایہ ایک فرزند تھا۔جو کافی عرصے سے سفر میں تھا، اب وہ وہاں سے لوٹتے ہوئے زادِراہ یا سفرخرچ نہ ہونے کی وجہ سے لاہور میں درماندہ ہے۔اور میں اس کی جُدائی سے اس قدر پریشان ہوں کہ میں اس کے غم میں گُھل رہی ہوں اور مر رہی ہوں۔حضرت

خواجہؒ نے اس سے فرمایا کہ کچھ وقت تک صبر کرو تا کہ میں وہاں تجارت پیشہ لوگوں کو لکھوں کہ وہ اس کی معاونت کر کے اس کو اپنے گھر کی طرف روانہ کر دیں۔ اس عورت نے نہایت اضطرار اور اضطراب کا اظہار کیا۔ حضرت خواجہؒ کو اس پر رحم آیا۔ اُنہوں نے فرمایا کہ جاؤ دیکھو خدا کیا کرتا ہے۔ دوسرے دن وہ خاتون اپنے بیٹے کے ساتھ حضرت خواجہؒ کی خدمت میں آئی، لوگوں نے اس لڑکے کے آنے کی کیفیت دریافت کی۔ لڑکے نے کہا نمازِ عشاء کے بعد جب میں لاہور کی مسجد سے باہر آیا تو حضرت خواجہؒ کو سامنے دیکھا اور اُنہوں نے مجھ سے فرمایا کہ اگر تو کشمیر آنے کا ارادہ رکھتا ہے میرے ساتھ سوار ہو جا۔ جونہی میں سوار ہوا تو مجھے نیند آئی اور جب بیدار ہوا تو میں نے اپنے آپ کو اپنے محلّے کی مسجد میں پایا۔ حضرت خواجہؒ نے طویل عمر پائی۔

حضرت خواجہ حبیب اللہ رحمۃ اللہ علیہ کی وفات دور جب المرجب ۱۰۸۴ ہجری مطابق اکتوبر ۱۶۷۳ء کو ہوئی۔ محلّہ قطب الدین پورہ میں اپنے گھر کے قریب ہی اُن کی آخری آرام گاہ ہے جو آج کل ڈب تل گرگڑی محلّہ کے نام سے جانا جاتا ہے اور ہر سال 2 اور 3 رجب کو اُن کے مرقد پر اُن کے معتقدین ختمات المعظّمات اور ذکر و اذکار کی مجالس منعقد کرتے ہیں۔

فخرِ اقطاب شیخِ دین عطّار
مظہر نو روز بدۂ ابرار
نائبِ شاہان جیلیؒ و ہمدانؒ
نقشبندوؒ معینیؒ و علمدارؒ

صرفیؒ وحمزہؒ، قاسمؒ و یعقوبؒ
روضۂ اوست مطلعِ انوار
ہست منظورِ سرور عالمؐ
تابعِ حکمِ اوست لیل و نہار
آن حبیب، حبیبِ حبیب اللہ
دستگیرِ ہمہ صغار و کبار
سال او کاملیؒ گفت کہ بود
منبع الاسرار و مطلع انوار

☆☆

مفتی شفیق الرحمٰن قاسمی

قسط:5

تاریخِ کشمیر......ملک حیدر چاڈورہ

چنانچہ مشہور ہے کہ دو شخصوں کے درمیان ایک گھوڑا بچے کے بارے میں جھگڑا ہوا اور کسی طرح سے بھی ان کا مسئلہ حل نہ ہوسکا، بادشاہ نے اس مقدمے کے بارے میں اس طرح عقل وذہانت کے ساتھ فیصلہ دیا کہ سب لوگ اس کی زبردست ذہانت اور سمجھداری پر حیران رہ گئے۔ ہوا اس طرح کہ لوگ موسمِ بہار کے شروع میں مویشیوں کو ڈھوکوں میں لے جایا کرتے تھے قدرت کے فیصلے کے مطابق دو گھوڑیوں نے ایک رنگ کے بچے جنے، ان میں سے ایک کا بچہ مرگیا اور زندہ رہنے والا بچہ دونوں گھوڑیوں کا دودھ پیا کرتا تھا اور وہ دونوں سے مانوس ہوگیا تھا۔ موسمِ بہار کے اختتام پر جب چرواہے جانوروں کو بستیوں کی طرف واپس لے آئے تو ان دو گھوڑیوں کے مالکوں کے درمیان جھگڑا ہوگیا، چنانچہ ان میں سے ہر ایک دعویٰ کرتا تھا کہ بچہ اسی کی گھوڑی سے ہے اور اس سلسلے میں اُنہوں نے چرواہوں کی بات کا اعتبار نہیں کیا۔ جب مقدمہ رینچن کے پاس پہنچا تو اس کے حکم سے دونوں گھوڑیوں کو بچے کے سمیت پل پر لایا گیا اور ان کے سامنے بچے کو پانی میں ڈال دیا گیا۔ اس شفقت کی بناء پر جو حیوانات کی فطرت میں رکھی گئی ہے ان میں سے ایک گھوڑی

نے اپنے آپ کو بچے کے پیچھے پانی میں ڈال دیا اور دوسری نے اس کی طرف کوئی توجہ نہیں کی اس طرح اس مقدمے کا فیصلہ ہوگیا۔

ریچن نے اپنے وزیر کے بھائی کو جس نے چھاچھ کے کاروبار میں کچھ غلطی کی تھی قتل کرڈالا اور اللہ تعالیٰ نے ریچن کے عدل وانصاف کے نور کی بنا پر اس کے لئے ہدایت کا چراغ روشن کردیا کہ اس نے گمراہی کے اندھیروں سے نجات پائی اور دینِ حق کی جستجو اور تلاش میں سرگرم ہوگیا۔ اور اس نے اس وقت کے مذہبی علماء کو بلا کر ان سے تقاضا کیا کہ وہ اس کے سامنے اپنا اپنا دین پیش کریں اور چونکہ اُن کے مذہبی خیالات میں بڑا اختلاف پایا جاتا تھا، لہٰذا ان میں سے ہر ایک نے غلط گمان کے مطابق متعارض دلائل پیش کئے ان میں سے کوئی بھی اس کو اپنے مذہب سے متاثر نہ کرسکا۔

چنانچہ اس سے اس کی حیرانگی میں اور اضافہ ہوگیا اور وہ اللہ جلّ ذکرہٗ کی بارہ گاہ کی طرف متوجہّ ہوا اور اپنے لئے ہدایت کی دعاء کی۔ اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے، اللہ کی عام رحمت کے دروازے ریچن پر کھل گئے۔ اپنے نیک بخت اور اللہ قادرِ وحید کی تائید ومدد سے اس نے اپنے تئیں یہ پختہ ارادہ کرلیا کہ کل صبح کے وقت سب سے پہلے جس شخص کو میں اپنی حویلی میں دیکھوں گا اس کے دین کو اختیار کرلوں گا۔ چنانچہ جب وہ صبح کے وقت ٹہلنے کے لئے اپنے گھر سے صحراء کی طرف گیا تو اس نے دیکھا کہ ایک شخص نماز ادا کررہا ہے اور اللہ کی عبادت بجالا رہا ہے۔ اور چونکہ اس نے عبادت کرنے کا یہ طور طریقہ پہلے نہیں دیکھا تھا لہٰذا اس کو پختہ یقین ہوگیا کہ محض اللہ کے فضل اور اس کی بے انتہاء رحمت ومہربانی سے اس کی اس دعاء کو شرفِ قبولیت حاصل

ہوگیا ہے جس میں ریاء ونمود اور دکھلاوے کا کوئی شائبہ نہیں تھا اور آگے آ کر اس نے اس بزرگ کے نام ونسب اور دین ومذہب کے بارے میں سوال کیا۔ اس بزرگ نے کہا کہ میرا نام بابا بُلبل ہے، میرا دین اسلام ہے اور دینِ حق کی کماحقہٗ تشریح فرمائی اور اسلام کے روشن عقائد اور سنتِ مطہّرہ اور ملتِ اسلام کی کسی قدر وضاحت کی۔ چونکہ اس پاک ضمیر راجہ کا آئینۂ دل ظلمتوں کے زنگ سے پاک وصاف تھا۔ لہٰذا کلمۂ طیبّہ پر ایمان اس کے دل میں پتھر کی لکیر کی طرح جاگزیں ہوگیا اور اس نے پورے اخلاص کے ساتھ دینِ مبین کی مضبوط رسی کو پوری طاقت کے ساتھ پکڑ لیا۔ قابلِ ذکر ہے کہ کشمیر کے بادشاہوں میں سب سے پہلے مشرّف بہ اسلام ہونے والا بادشاہ رینچن ہی ہے اور بتقاضائے۔ وَالسَّابِقُونَ السَّابِقُونَ(۱۰) أُولٰئِکَ الْمُقَرَّ(۱۱) سورة الواقعة۔

ترجمہ:- اور اسلام میں پہل کرنے والے وہی لوگ اللہ کے سب سے زیادہ قریبی بندے ہیں) رینچن کے لئے ہمیشہ بڑا اجر وثواب رہے گا۔ رینچن نے بابا بلبل شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے لئے جاگیر مقرر کی اور محلّہ دیدہ مر میں ایک خانقاہ تعمیر کروائی اور اس نے اپنی تمام تر توجہ اسی خانقاہ پر مبذول کی تاکہ تمام لوگ اسلام کا شرف حاصل کرسکیں۔

رینچن (صدرالدین) کے بعد جس شخص نے سب سے پہلے دینِ حق کی مضبوط رسی کو اعتقاد ومحبت کے ساتھ پکڑا وہ ملک راون چند تھا جس کے حالات پیچھے گُزر چکے ہیں۔ تھوڑی مدّت گزرنے کے بعد رینچن (صدرالدین) کی کوشش اور حضرت بُلبُل شاہؒ کی رہنمائی سے دینِ حق کا کام پوری طرح چمک گیا۔ رینچن (صدرالدین) نے اپنے پڑوس میں ایک جامع مسجد تعمیر کرائی وہ اس زمانے تک اپنی اصلی حالت میں موجود تھی اور اب اس

کوازسرِ نوتعمیر کیا گیا ہے مگراس کی بنائی ہوئی جامع مسجد جل گئی تھی اوراس کی جگہ ایک چھوٹی سی مسجد بنائی گئی ہے۔ رینچن (صدرالدین) کا دورِ حکومت دو سال چھ ماہ تک رہا۔ 727ھ میں اس نے اپنی جان جانِ آفرین کے حوالے کی ۔

نمرد آنکہ ماند پس از وے بجائے پل و مسجد و چاہ مہمان سرائے

ترجمہ: وہ شخص نہیں مرتا جو اپنے پیچھے کہیں کوئی پل، مسجد، کنواں اور مسافر خانہ چھوڑ جاتا ہے۔

چونکہ رینچن (صدرالدین) کے پیچھے اس کے ایک شیر خوار بچے کے علاوہ اور کوئی وارث نہیں رہا تھا۔ لہٰذا اس کے بعد (اس کی بیوہ) کوٹہ رانی نے حکومت سنبھالی اور اس نے (حکمرانی میں) ایسا طریقہ اپنایا کہ اس کے بارے میں عجیب و غریب حکایات نقل کی جاتی ہیں جن میں سے ایک یہ ہے کہ اروؤل نام کے ایک ترک نے ایک بڑے لشکر کے ساتھ ہیر پور کے راستے سے کشمیر پر چڑھائی کردی۔ کوٹہ رانی نے اپنے چھوٹے بھائی ملک روان چند اور شاہ میر اور اپنے بیٹے کے نگران شاہ میر اور بیجو بٹ کا کہ پوری (جو کہ اس کا بڑا ہمدرد اور ایک اچھا سردار تھا) کی سربراہی میں ایک لشکر تیار کیا اور اس کو دشمن سے جنگ کرنے پر اُبھارا۔ اس نے کہا کہ گزشتہ حالات کو یاد کرو اور دیکھو زلچو نے یہاں آکر کتنی تباہی مچائی۔ اور اپنی عزّت و ناموس کے بارے میں سوچو۔ اس پیغام سے سارے لوگ متّحد ہو گئے اور جنگ کے لئے نکل پڑے یہاں تک کہ ترک مقابلے میں فتح نہ دیکھتے ہوئے صلاح کرنے پر آمادہ ہو گئے اور واپس چلے گئے اور چونکہ یہ ساری مہم شاہ میر کی سعی و کوشش سے سامنے آئی تھی لہٰذا اس کا رعب و دبدبہ لوگوں کے دلوں میں بیٹھ گیا اور اس کو اپنے دادا بزرگوار کی

وہ بات یاد آ گئی جو اس نے اس کو بادشاہ بننے کی خوشخبری سناتے ہوئے کہی تھی۔ چنانچہ اس نے اقتدار پر قابض ہونے کے لئے بیجو بٹ کو قتل کر دیا اور کوٹہ رانی کو اندر کوٹ کے قلعے میں قید کر دیا اور اس کو پیغام دیا کہ جھگڑا چھوڑ کر میرے نکاح میں آ جاؤ۔ شاہ میر چونکہ مدّتوں اس کا نوکر رہا تھا لہٰذا اس نے عار محسوس کرتے ہوئے اس بات سے انکار کر دیا اور خودکشی کر لی۔

☆

کشمیر میں مسلمانوں کی بادشاہت وحکمرانی

743ھ میں کشمیر کی بادشاہت شاہ میر لقب شمس الدین کے ہاتھ میں آ گئی اس کا دورِ حکمت تین سال پانچ ماہ رہا اور اس نے اپنے وارثین میں اپنے بعد دو لڑکے چھوڑے ایک جمشید اور دوسرا علاؤالدین جس نے علاؤالدین پور محلّہ بسایا تھا۔

(شاہ میر شمس الدین کی وفات کے بعد) پہلے جمشید تختِ حکومت پر بیٹھا اس نے ایک سال دو ماہ تک حکومت کی۔ فسادیوں نے ان دو بھائیوں کے درمیان بگاڑ اس حد تک پہنچا دیا کہ چہ میگوئیوں کے بعد ان دونوں بھائیوں میں مرنے مارنے کی نوبت آ پہنچی اور ان کی لڑائی زبان کی تلوار سے آگے بڑھ کر تلواروں اور نیزوں تک جا پہنچی اور ان کے درمیان اونتی پور میں ایک زبردست جنگ ہوئی جس میں سلطان جمشید مغلوب ہو گیا اور 748ء میں علاؤ الدین تختِ سلطنت پر براجمان ہوا۔ سلطان علاؤ الدین کے دو بیٹے تھے۔ شہاب الدین اور قطب الدین۔ ایک روز اس کا بڑا بیٹا شہاب الدین شکار کرنے کے

ارادے سے سوار ہو کر نکلا شکار کرنے کے دوران وہ اپنے لشکر سے جدا ہو گیا اور تین آدمیوں کے سوا اس کے ساتھ اور کوئی نہیں رہا۔ایک جنڈ دوسرا رائی شردل تیسرا آختہ جی جو بڑا شاطر تھا۔ یہ لوگ بستی سے بہت دور چلے گئے۔ اُنہوں نے ایک غار میں ایک عورت کو دیکھا جو عنقا کی طرح مخلوق کو چھوڑ کر گوشہ نشین ہو گئی تھی اس کی نیکی و پرہیز گاری کے آثار اور پاکدامنی و پاکبازی کے نشانات اس کی پیشانی سے ظاہر و نمایاں ہو رہے تھے۔اس پاکباز عورت نے دودھ کا ایک پیالہ شہزادے کو پیش کیا۔شہزادے نے تھوڑا سا دودھ پیا اور باقیماندہ جند اور رائی کو دے دیا۔ آختہ جی کو اس میں سے کچھ نصیب نہیں ہوا۔ پھر اس نیک عورت نے گفتگو شروع کی اور کہا کہ چھپی اور پوشیدہ چیزوں کے جاننے والے نے مجھے ایک بات سے باخبر کیا ہے میں تمہیں اس کے بارے میں بتاتی ہوں اور اس اجمال کی تفصیل اور اس بات کی وضاحت اس طرح کی ہے کہ شہاب الدین بادشاہت وحکمرانی کے اعلیٰ مقام پر پہنچے گا اور غیبی تائید و مدد سے اکثر ممالک اس کے زیرِ اقتدار آئیں گے اور (اس صورت میں) ذمہّ داری یہ ہوگی کہ اللہ کی مخلوق کے ساتھ رحم وکرم کی روش اختیار کی جائے ۔ اس کے بعد جندا اور رائی شردل کی طرف متوجہّ ہوئی اور کہا کہ تم دونوں کو وزارت کا منصب سونپا جائے گا اور اس بات کے سچے ہونے کی دلیل یہ ہے کہ یہ آختہ جی جو اس شربت سے گھونٹ نہیں چکھ سکا گھر پہنچنے سے پہلے ہی موت کا ناگوار شربت پی لے گا۔ جب شہزادہ شکار سے واپس ہوا تو آختہ جی شاطر نے فنا کی منزل کے لئے رختِ سفر باندھ لیا۔اس چیز سے (پاکباز عورت کی پیشین گوئی پر) شہزادہ کا یقین پختہ ہو گیا اور وہ پوری طرح اُمیّد وار ہو کر وقت کا انتظار کرنے لگ گیا۔

روایت ہے کہ جب ابراہیم کو مروان خمّار کے اشارے سے قتل کر دیا گیا تو اس کے بھائی سفّاح اور جعفر ڈر کے مارے بھاگ گئے اور اُنہوں نے کوفہ کا رُخ کیا۔معتبر تواریخ سے نقل کیا گیا ہے کہ فرار ہونے کے دوران ایک عربی عورت کی ان کے چہرے پر نظر پڑی اس نے کہا اللہ کی قسم میں نے ان جیسے سردار نہیں دیکھے ہیں پھر اس نے جعفر اور سفّاح کی طرف اشارہ کیا کہ دونوں حکمران بنیں گے۔یہاں تک کہ حسن ابن قحطبہ ابو مسلم مروزی کی طرف سے ایک بڑا لشکر لے کر گیا اور اس نے مروانیوں کو ہٹا کر سفّاح کو تختِ سلطنت پر بٹھا دیا اور پانچ سو بائیس سال تک خاندانِ بنوعباس میں حکومت و بادشاہت رہی۔

761ھ میں سلطان علاء الدین نے تقدیر> الٰہی کے تقاضے کے مطابق تختِ سلطنت سے موت کے تخت پر پاؤں رکھا اس کی حکومت بارہ سال آٹھ ماہ تک رہی۔اس کے بعد اس کا بیٹا سلطان شہاب الدین تخت نشین ہوا اور اس نے جندا اور رائی شردل کو حکومت میں شامل کرلیا۔رائی شردل چونکہ صاحبِ قلم تھا اور تمام حالات سے واقف تھا۔ لہٰذا اس نے کچھ ایسے رسوم رائج کر دیئے جو اس سے پہلے نہیں پائے جاتے تھے اور وہ رسوم اب تک باقی ہیں۔سلطان شہاب الدین نے دس سال تک حکومت کی اور کشمیر کے اطراف تبّت، پکھلی اور اس کے مضافات پر قبضہ کیا اور کشمیر کی تاریخ میں اس کی فتوحات اور کشور کشائی کے کارناموں کو اس انداز میں نقل کیا گیا ہے جو کشمیر کے سلاطین میں سے کسی اور بادشاہ کو میسر نہیں ہوا اور اس کی تفصیل بیان کرنے سے بات لمبی ہو جائے گی۔لہٰذا مختصراً بیان کیا جاتا ہے۔

زلچو کے فتنہ کی وجہ سے ملکِ کشمیر ویران ہو گیا تھا اور ہر پرگنہ میں کوئی نہ کوئی سرکش مضبوط قلعہ بنا کر خود مختاری کا دم مار رہا تھا جیسا کہ پہلے ذکر کیا جا چکا ہے اور سلطان شہاب الدین کے دور تک اطاعت و فرمانبرداری کی رسم رُکی پڑی تھی ۔ اگر چہ ان میں سے بعض تھوڑا بہت باج اور خراج ادا کرتے تھے اور حاکم شہر بھی اس پر راضی ہو چکا تھا اور جب سلطان شہاب الدین بہ موجب فرمان خداوندی ''تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشاء۔

ترجمہ: اے اللہ تو عطا کرتا ہے حکومت جس کو چاہتا ہے۔

کارِ حکومت و بادشاہت میں مشغول ہوا تو اس نے ملک کو ایک قلعہ بنا دیا اور اکثر سرکشوں کو مغلوب اور زیر کر کے سفر کرنے کے لئے ساز و سامان تیار کیا پہلے کابل کو وہاں کے حکمران سے چھینا اور چندا کے کمان کو لغمان کے قلعہ کے دروازے پر لٹکا دیا اور اس دروازے کے پتھر پر یہ تحریر کندہ کی کہ جو شخص اس کمان کو کھینچ سکتا ہو اسے اجازت ہے کہ وہ اس کو نیچے لے آئے ورنہ وہ اس کو ہاتھ نہ لگائے وہ کمان حضرت جہانگیر بادشاہ کے بابرکت دور تک موجود تھا اور اب دھوپ اور بارش کی وجہ سے خراب ہو گیا ہے اس کے بعد سلطان شہاب الدین نے بدخشاں کا رُخ کیا اور وہاں سے کاشغر کا رُخ کیا اور کاشغر کے سردار نے جنگ کرنے میں پہل کی اور تبت میں دونوں جماعتوں کا آمنا سامنا ہوا اگر چہ سلطان شہاب الدین کی فوج تھوڑی تھی مگر ۔

كَمْ مِنْ فِئَةٍ قَلِيْلهِ غَلَبَتْ فِئَةٍ كَثِيْرَة بِاذُن اللّٰهِ

ترجمہ: کتنی چھوٹی سی جماعتیں بڑی جماعتوں پر اللہ کے حکم سے غالب آ گئیں۔

فتح و نصرت کی ہوا سلطان شہاب الدین کے اقبال اور اچھے نصیب پر چلی اس کے

بعد وہ کشتواڑ کے راستے سے نگرکوٹ میں داخل ہوا اس پر قبضہ کر کے پھر پنجاب پر قابض ہوگیا اور لاہور میں ایک لشکر تیار کرنے کا حکم دیا۔ ایک لاکھ پچاس ہزار پیادہ فوجیوں کی تعداد قلم بند کی گئی۔ ملک اچل کو جو کہ چند قوم سے تھا سپہ سالاری کے منصب پر فائز کر دیا اور اس طوفانی لشکر کے ساتھ ہندوستان کی جانب غلبے کا جھنڈا لہرایا۔ اس دور میں دہلی کا حکمران فیروز شاہ تھا۔ جب اس لشکر نے اپنے جلال کے خیمے دریائے لدر کے کنارے جس کو دریائے لودیانہ کہا جاتا ہے نصب کئے تو فیروز شاہ ایک بڑے لشکر کے سمیت جنگ کے لئے تیار ہوگیا اور دونوں طرف کی فوجوں نے ایک دوسرے کے مقابلے میں صفیں باندھ لیں۔ آخر کار فیروز شاہ کی پیشانی پر عاجزی کے آثار ظاہر ہوگئے۔ سلطان شہابُ الدین نے اَلصُّلحُ خَیرٌ ؕ (صلح بہتر ہے)

کا مضمون اس کے کانوں میں پہنچایا اور سرہند سے کشمیر تک سارا علاقہ سلطان شہاب الدین کا ہوگیا اور جب سلطان شہاب الدین واپس آیا تو اس نے شہاب الدین پورہ کو اپنا دارالحکومت بنایا اور وہیں اس نے مسجد عالی تعمیر کرائی اس وقت مسلمان کم تھے اور اس کے عدل و انصاف کی برکت سے اکثر (اہلِ کشمیر) نے مسلمان بننے کا شرف پایا اور اس نے ملک اچل چند کو چاڈورہ گاؤں بطور جاگیر دے دیا اور یہ گاؤں اب تک پشت در پشت اس کی اولاد کے نام بطورِ جاگیر مقرر ہے اور اب بادشاہ عالی جاہ نورالدین جہانگیر (اللہ اس کی بادشاہت کو ہمیشہ برقرار رکھے) کی جانب سے یہ فرمان جاری ہوا ہے کہ یہ گاؤں بطورِ انعام اس حقیر (ملک حیدر چاڈورہ) اور اس کی اولاد کے لئے بطور جاگیر مقرر ہوگا۔

ہم اصل قصےّ کی طرف لوٹتے ہیں کہ 770ھ میں سلطان شہاب الدین کو اس بات کی اطلاع پہنچی کہ ملک کابل و بدخشان میں بعض کم عقل لوگ کھلم کھلا بغاوت کی بات کررہے ہی تو اس نے ملک اچل چند کو زبردست فوج کے ہمراہ ان کو تنبیہ کے لئے بھیجا۔ اس مہم کو انجام دینے کے بعد بتقاضائے

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ......(ہر ذی روح کو موت کا مزا چکھنا ہے)

ملک اچل چند نے موت کا شربت پیا۔ اس کی لاش کو لغمان سے چاڈورہ لایا گیا ۔سلطان شہاب الدین نے ملک اچل چند کے بیٹے ملک دولت چند کو باپ کے منصب پر فائز کردیا۔

سلطان شہاب الدین اُنیس سال تک حکومت کرنے کے بعد اس دارِ فانی سے رخصت ہوگیا۔ اس کے بعد اس کے بھائی سلطان قطب الدین نے دنیا کی بادشاہت کا عارضی لباس پہنا۔ سلطان قطب الدین کے دورِ حکومت میں حضرت میر سید علی ہمدانیؒ نے سرزمینِ کشمیر کو اپنی تشریف آوری سے مشرّف فرمایا اور اس ملک کے باشندوں کی قدر و منزلت کو بڑھایا۔ سلطان قطب الدین حضرت میر سیّد علی ہمدانیؒ کی بڑی تعظیم وتکریم کرتا تھا۔ اگر چہ سلطان قطب الدین مسلمان تھا مگر یہاں کوئی ایسا شخص نہیں تھا جس سے وہ اسلامی عقائد و مسائل سیکھ سکتا۔ اسی وجہ سے اس نے دو سگی بہنوں کو بیک وقت اپنے نکاح میں رکھا ہوا تھا۔ حضرت امیر کبیرؒ نے اس بارے میں مطّلع ہونے کے بعد بادشاہ کو اس غیر شرعی کام کی قباحت و برائی سے آگاہ کیا۔ سلطان نے خوشی خوشی اس حکم کو قبول کرتے ہوئے ان میں سے ایک بہن کو علیحدہ کردیا اور چونکہ اس زمانے میں یہاں اکثر غیر مسلم ہی تھے۔

لہٰذا سلطان قُطب الدین کے اندر سوائے مسلمان نام کے اور کوئی بھی چیز مسلمانی کی نہیں پائی جاتی تھی اور اس کا لباس بھی غیر مسلموں جیسا ہی تھا۔ حضرت امیر کبیرؒ نے اس کو دینی علوم کی تعلیم دی اور اس قسم کا لباس پہننے سے منع فرمایا اور سب سے پہلا شخص جس نے عقیدت وارادت کے ہاتھ سے حضرت امیر کبیرؒ کے دامنِ ہدایت کو تھاما وہ بادشاہ کی فوج کا سپہ سالار ملک دولت چند ہی تھا۔ اس نے علاؤالدین پورہ محلّے میں حضرت امیرِ کبیرؒ کے نماز ادا کرنے کے لئے ایک اونچا چبوترہ بنوایا۔ جب تک کہ ملکِ کشمیر حضرت امیرِ کبیرؒ کی مبارک تشریف فرمائی سے رشکِ فردوس فردوس بنا رہا۔ سلطان قطب الدین نے کمر بستہ رہ کر ان کی خدمت کی بجا آوری میں کوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا۔ حضرت امیر کبیرؒ نے خوش ہو کر اپنی مبارک ٹوپی سلطان قطب الدین کو عنایت فرمائی۔ بادشاہ نے اس ٹوپی کو بطورِ برکت اپنے تاج میں رکھا اور وہ ٹوپی پشت در پشت ان کی اولاد کے پاس تھی۔ یہاں تک کہ فتح شاہ فوت ہوا اور اس کی وصیّت کے مطابق اس ٹوپی کو اس کے کفن میں رکھا گیا اور جب یہ بات میرے استاذ مولوی محمد کے کانوں میں پہنچی تو اُنہوں نے فرمایا ایسا لگ رہا ہے کہ اب اس شاہی خاندان سے حکومت کے منتقل ہونے کا وقت آ گیا ہے اور ہوا بھی ایسا ہی کیونکہ اگر چہ فتح شاہ کے بعد کچھ لوگ ان کی اولاد میں سے بادشاہ بنے۔ مگر ان کے پاس صرف نام کی بادشاہت تھی اور وہ غیر مختار تھے۔ آخر کار وہ پوری طرح ناکامی و بدبختی کے شکار ہو گئے اور بادشاہت چک قبیلے کی طرف پوری طرح منتقل ہو گئی۔ چکوں کے حالات میں سے کچھ کو اپنے مقام پر بیان کیا جائے گا۔ حضرت امیر کبیرؒ جتنے دن کشمیر میں تشریف فرما رہے وہ محلّہ علاؤالدین پور کے سرائے میں ٹھہرے۔ اگر چہ اُن کے معتقدین اور

مریدین خاص طور سے ''ملک دولت چند'' نے ساز وسامان اور گھر بار کی پیش کش کی تھی مگر اُنہوں نے اس کو قبول نہیں فرمایا۔ روایت ہے کہ جب سلطان محمود کشور کشائی میں مشغول تھا تو ایک منزل پر اس نے سنا کہ ''آہو پوش'' نام کے ایک زاہد بزرگ ہیں جن سے عجیب وغریب کرامتیں ظاہر ہوتی ہیں۔ سلطان کے دل میں اس بزرگ سے ملنے کا شوق پیدا ہوا۔ چنانچہ وہ نیاز مندی کے ساتھ اس کی خدمت میں پہنچا۔ سلطان اس کا انتہائی درجے کا عقیدت مند بن گیا اور اس نے اس بزرگ کی خدمت میں کچھ نقد پیش کرنا چاہا۔ زاہد نے اپنا ہاتھ ہوا میں لہرایا اور ایک مٹھی سونا سلطان محمود کے ہاتھ میں رکھ دیا اور کہا کہ جس شخص کو غیب کے خزانے سے اس طرح ملتا ہو اس کو مخلوق کی امداد کی کوئی ضرورت نہیں۔ سلطان قطب الدین کے حضرت میر سید علی ہمدانیؒ کے ساتھ پورا اعتقاد وخلوص رکھنے کے باوجود حضرتؒ اس کے طریقۂ کار سے خوش نہیں تھے کیونکہ اس نے حضرتؒ کی مرضی کے موافق احکام شرع وسنّت نافذ نہیں کئے لہٰذا حضرتؒ نے کشمیر سے روانگی کا عزم وارادہ فرمالیا اور سلطان قطب الدین کی درخواست پر فضیلت شعار و پرہیز گار بزرگ مولانا محمد بلخیؒ کو کشمیر کے عوام کو دینی علوم کی تعلیم دینے اور ان کی دینی رہنمائی کرنے کے لئے یہاں سکونت اختیار کرنے کی اجازت دے دی اور حضرت نے بذاتِ خود سواد گیر کا رُخ کیا اور وہیں پر ان کی پاک روح نے اس مٹی کے عالم سے عالمِ قدس کی طرف پرواز فرمائی اور مکانِ قرب میں جا بسی اور ان کی وفات کا سال اس شعر سے نکالا گیا۔ نظم ؎

عقل تاریخِ رحلتِ او سیدنا علی ثانی گفت

عقل نے اُن کی تاریخ وفات سید نا علی ثانی ۷۸۶ھ بتلائی

اس کے بعدان کے مریدین نے ان کے جسدِ پاک کو وہاں سے ختلان منتقل کیا۔

سلطان قطب الدین کا دورِحکومت پندرہ سال پانچ ماہ تک رہا اور 796ھ میں اس کی زندگی کا ستارہ اس عالمِ فانی سے غروب ہوگیا اور اس کی جگہ اس کا دیندار اور انصاف پسند بیٹا سلطان سکندر (اللہ اس کی قبر کو منوّر فرمائے) تخت نشین ہوا۔ اس کے بادشاہ بننے کی تاریخ اس شعر سے نکلتی ہے۔

بہر تاریخ سالِ سلطنتش عقل گفتا بشرع دادہ رواج ۷۹۶ھ

اس کے بادشاہ بننے کے سال کی تاریخ کے لئے عقل بولی ’’بشرع دادہ رواج‘‘ (796ھ) اس نے شریعت کو رائج و نافذ کیا۔

☆☆

مجید مجازی

ہر فن مولا......ڈاکٹر عزیز حاجنی

ڈاکٹر عزیز حاجنی ...... یہ نام سُنتے ہی تقریباً ہر کشمیری کا ذہن کشمیری زبان کے مختلف پہلوؤں کی طرف جانے لگتا ہے۔ پچھلے سوڈیڑھ سو برس کے دوران کشمیری زبان کے گیسوئے تاب دار کو سجانے سنوارے کے لئے کئی عالموں اور دانشوروں نے اپنا کردار نبھایا اور اپنے پیچھے آنے والے قافلوں کی رہنمائی کی۔ اس زبان کی ترقی اور ترویج کے حوالے سے اب تک جو چند بڑے حضرات کشمیری قوم کے دِلوں کی دھڑکن بنے ہوئے ہیں۔ اُن میں ڈاکٹر عزیز حاجنی کا نام بہت اہم ہے۔

حاجنی صاحب کا جنم 7 مارچ 1957ء کو حاجن کے ایک زمیندار گھرانے میں ہوا۔ اُن کے والد محترم مقبول پرے کا پیشہ بھی زمینداری تھا۔ حاجن کی سرزمین سے ہی کشمیری زبان کے کثیر الکلام شاعر وہاب پرے حاجنی، نامور مذہبی شاعر مولوی صدیق اللہ حاجنی، بلند قامت صوفی شاعر اسد پرے اور برصغیر ہند و پاک کے جانے مانے عالم اور فلسفی پروفیسر محی الدین حاجنی بھی پیدا ہوئے۔ ڈاکٹر عزیز حاجنی نے ابتدائی تعلیم حاجن کے اُس پرائمری اسکول سے حاصل کی جہاں سے علاقہ کے نامی لوگوں جن میں پروفیسر محی الدین حاجنی، محمد احسن احسنؔ، غلام حسن تسکین، غلام نبی خوشدل اور ایڈوکیٹ عبدالعزیز پرے

وغیرہ نے اِبتدائی تعلیم حاصل کی۔ پرائمری اسکول کی تعلیم مکمل کرنے کے بعد گورنمنٹ ہائی اسکول حاجن میں داخلہ لیا۔ احسن صاحب اور منظور ہاشمی جیسے شفیق اُستاد کی سرپرستی حاصل ہوئی۔ اُنہی کی سرپرستی میں اُنہوں نے 1973ء میں اسکول کی طرف سے تیار کردہ ''مہجور'' نامی اسٹیج ڈرامہ میں کام کیا اور یہاں سے اُن کی زندگی کا ایک نیا موڑ شروع ہوا۔ اُن کے اندر سویا ہوا شاعر، ادیب اور فنکار جاگنے لگا۔ 1974ء میں اُنہوں نے پہلی بار حلقۂ ادب سوناواری کے ایک پروگرام میں اپنی ایک غزل پڑھی اور اسی برس وہ حلقۂ ادب کے رُکن بنے اور کچھ کچھ لکھنے اور پڑھنے لگے۔ 1974ء میں ہی اُنہوں نے گورنمنٹ ڈگری کالج بمنہ سرینگر کی طرف سے ادبی مرکز کمراز کے کشمیری زبان کے امتحان میں حصہ لیا اور صوبائی سطح پر دوسری پوزیشن حاصل کی۔ حلقۂ ادب کے ساتھ مُنسلک ہونے کے بعد حاجنی صاحب حلقہ کی ڈراما وِنگ سے بھی وابستہ رہے۔ جس کے تحت اُنہوں نے کئی اچھے ڈرامے لکھے اور اسٹیج کئے۔ اداکار کے جوہر اُنہوں نے 16 سال کی عمر میں ہی ''مہجور'' ڈرامہ'' میں مہجور کا کردار ادا کر کے دِکھائے۔ اس ڈرامہ سے اُنہیں حاجن اور ملحقہ علاقوں میں اِتنی شہرت مِلی کہ لوگ انہیں مہجور کے نام سے جاننے لگے۔ حلقۂ ادب سوناواری کی ڈراما وِنگ کے بند ہونے کے بعد حاجنی صاحب علاقہ کے ایک اور ڈراما ٹِک کلب ''وہاب ڈراما ٹک کلب حاجن'' کے ساتھ جُڑ گئے۔ اس کلب کے ساتھ مُنسلک ہونے کے بعد حاجنی صاحب نے سنجیدگی کے ساتھ ڈرامے لکھنے شروع کئے۔ وہاب کلب کے بینر تلے اُنہوں نے کلچرل اکیڈیمی اور محکمۂ اطلاعات کے ڈراما میلوں اور مقابلوں میں حصہ لینا شروع کیا۔ اُن کے کئی ڈراموں کو Best Production Award سے بھی نوازا گیا۔ اُن کی

سربراہی میں وہاب ڈراماٹک کلب حاجن نے جو اہم ڈرامے اسٹیج کئے اُن میں ستھ تہِ صدم ،پأ تھر چُھ جأری ،مزارِ شعراء، اِبنِ آدم ،مرِ تہٕ شربت اور نیاے‘‘ وغیرہ شامل ہیں۔ یہ سبھی ڈرامے حاجنی صاحب نے خود لکھے ہیں۔ اِن ڈراموں کے علاوہ بھی اُنہوں نے درجنوں دوسرے ڈراما نگاروں کے ڈراموں کی ڈائریکشن دی ڈراما ’’نیاے‘‘ حاجنی صاحب نے 2013ء میں کلچرل اکیڈیمی کے ڈرامہ مقابلے کے لئے وہاب ڈرامہ ٹِک کلب (موجودہ وہاب کلچرل سوسائٹی حاجن) کے اصرار پر لِکھا۔ مذکورہ ڈرامہ میں اُنہوں نے کچھ ایسے جدید تجربے کئے ہیں جو ہم عصر کشمیری اسٹیج ڈرامہ میں بہت کم نظر آتے ہیں۔ یہ ڈرامہ مقامی ماحول کے ساتھ عالمی منظر نامہ کو مدِ نظر رکھ کر لِکھا گیا ہے اور ڈرامہ میں کئی خطرناک سماجی ناسوروں سے پردہ ہٹایا گیا ہے۔

گورنمنٹ ڈگری کالج بمنہ میں حاجنی صاحب طلبہ یونین کے سیکریٹری بھی رہے۔ گریجویشن کے بعد اُنہوں نے کشمیری آنرز میں گولڈ میڈل حاصل کیا۔ کشمیر یونیورسٹی نے اسی سال کشمیری زبان میں ماسٹرس کا کورس شروع کیا اور حاجنی صاحب یونیورسٹی کے کشمیری شعبہ کے پہلے گولڈ میڈلسٹ بنے۔

ایم اے کشمیری کرنے کے بعد حاجی صاحب نے کچھ عرصہ تک ایک پرائیویٹ اسکول (National High School Srinagar) میں نوکری کی۔ 1981ء میں محکمۂ اسکولی تعلیم میں بحیثیتِ استاد نامزد ہوئے۔ تو اُن کی پہلی تعیناتی لداخ میں ہوئی۔ کچھ عرصہ وہاں رہنے کے بعد اُنہوں نے نوکری سے استعفیٰ دے دیا۔ لیکن تین مہینے بعد وہ پھر محکمۂ تعلیم میں بحیثیتِ استاد تعینات ہوئے اور اُن کی ڈیوٹی ایک مقامی

اسکول میں لگ گئی۔ چند برس بعد حاجنی صاحب نے پبلک سروس کمیشن کا امتحان پاس کیا اور کشمیری مضمون کے لیکچرر بن گئے۔

سرکاری نوکری کے دوران ہی حاجنی صاحب نے کشمیری زبان کو اپنا جائز مقام دِلوانے کے پروفیسر محی الدین حاجنی کے مِشن کو آگے بڑھانے کی ٹھان لی اور لِسانی تحریک چلانے والی جموں کشمیر کی سب سے بڑی تنظیم ادبی مرکز کمراز میں شامل ہوئے۔ حاجنی صاحب اگرچہ 1976ء میں ہی حلقۂ ادب سوناواری کے رُکن بنے مگر ادبی مرکز کمراز کی رُکنیت اُنہیں 1984ء میں اُس وقت حاصل ہوئی جب حلقۂ ادب سوناواری نے اُنہیں مرکز کی جنرل کونسل کے لئے مُنتخب کیا۔ اپنی قابلیت کے بل بوتے پر اُنہوں نے بہت کم عرصہ میں مرکز کی اعلیٰ قیادت میں اپنے آپ کو شامل کرلیا۔ 28 اکتوبر 1984ء کو ہونے والے مرکز کے جنرل الیکشن میں وہ تنظیم کے لائبریرین منتخب ہوئے۔ 1987ء میں وہ مرکز کے میڈیا سیکریٹری بنے اس کے بعد کئی اور عہدوں پر رہ کر اُنہوں نے ادبی مرکز کمراز کا دائرۂ عمل اِتنا وسیع کردیا کہ یہ تنظیم شمالی ہندوستان کی سب سے متحرّک اور مضبوط تنظیم بن گئی۔ حاجنی صاحب مرکز کے جنرل سیکریٹری بنے اور آگے چل کر وہ تین بار اس بڑے وفاق کے صدر بنے۔ پروفیسر مشعل سلطانپوری، پروفیسر رشید نازکی، محمد احسن احسنؔ، ڈاکٹر شجاعت بخاری، نشاط انصاری، علی محمد شہباز، ڈاکٹر رفیق مسعودی، اور محمد امین بٹ جیسے باہمّت اور پُرخلوص کارکنوں کے ہمراہ اُنہوں نے مرکز کو ایک تنظیم سے تحریک میں بدلنے کی کوشش کی اور اس میں کامیاب بھی رہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس تحریک میں اب ادیب اور شاعر ہی شامل نہیں ہیں بلکہ سماج کے ہر طبقہ سے وابستہ افراد اس کا حصہ بنے ہوئے ہیں۔

حاجنی صاحب نے مرکز کی صدارت سے اُس وقت استعفیٰ دے دیا جب اُنہیں جموں وکشمیر کلچرل اکیڈیمی کا سیکریٹری چُنا گیا۔حاجنی صاحب مستعفیٰ ہونے کی وجہ یہ بتا رہے تھے کہ مرکز چونکہ خالص کشمیری زبان کی ترقی اور ترویج کے لئے کام کرتا ہے۔جب کہ اکیڈیمی کا دائرہ جموں وکشمیر کی تمام چھوٹی بڑی زبانوں تک پھیلا ہوا ہے اور میری نظر سب پر یکسان ہونی چاہیے۔

اسٹیٹ اِنسٹی چیوٹ آف ایجوکیشن ریسرچ اینڈ ٹریننگس میں بطورِ ریسرچ آفیسر اُن کے تبادلہ کے بعد، اُنہوں نے بڑے پیمانے پر کشمیری زبان کے لئے باضابطہ تربیتی پروگراموں کا آغاز کیا۔

ڈائریکٹوریٹ آف اسکول ایجوکیشن میں ثقافتی وِنگ کا قیام حاجنی صاحب کی ذاتی کوششوں کا نتیجہ ہے۔اس وِنگ کے وہ پہلے سربراہ بنے اور یہاں رہ کر اُنہوں نے اسکولی تعلیم کو ثقافت کے ساتھ جوڑنے کے لئے کارہائے نمایاں انجام دیئے۔اسکولی بچوں کو بیرونِ وادی اور بیرونِ ملک تعلیمی دوروں پر بھیجنا اُن کا قابلِ ستائش کام ہے۔ان بچوں میں اکثر بچے ایسے ہوتے تھے جنہوں نے اب تک اپنے گاؤں سے باہر قدم بھی نہیں رکھا ہوتا تھا۔بیسٹ ٹیچر ایوارڈ، ریڈیو نیوز کی شروعات، مقامی ادیبوں اور شاعروں کی تصنیفات کی خریداری، اسکولی بچوں کے لئے مراعات ،نعت، قوالی، ڈراما، پینٹنگ اور تقریری مقابلے،سب حاجنی صاحب کی کوششوں کا نتیجہ ہیں۔اُن ہی کی کاوشوں کا نتیجہ ہے کہ وادی میں پہلی بار بچوں کے لئے ایک فِلم فیسٹول کا انعقاد کیا گیا جس میں بچوں سے متعلق بہت ساری فلمیں دکھائی گئیں۔اسی دوران حاجنی صاحب نے کشمیر یونیورسٹی سے ڈاکٹریٹ کی

ڈِگری بھی حاصل کی اور اُن کا تبادلہ جموں و کشمیر بورڈ آف سکول ایجوکیشن میں پہلے بطورِ اکیڈیمک آفیسر ہوا مگر بعد میں ترقی پا کر وہ ڈپٹی ڈائریکٹر اکیڈیمکس کے عہدے پر فائز ہوئے۔ یہاں آکر اُنہوں نے کشمیری اور اردو نصابی کتابوں کو دِلچسپ اور بچوں کے موافق بنانے میں پہل کی اور اول جماعت سے لے کر بارہویں جماعت تک کی تمام کشمیری اور اردو کتابوں پر نظرِ ثانی کروا کر نصاب میں خاطر خواہ ترامیم کروائی، جس کو سرکاری اور عوامی سطح پر کافی سراہا گیا۔ اس کے بعد ڈاکٹر حاجنی کشمیر یونیورسٹی کے مرکزِ نور میں بحیثیتِ ایسوسیٹ پروفیسر تعینات ہوئے۔ یہاں پر اُنہوں نے پروفیسر بشر بشیر کے شانہ بشانہ کام کرتے ہوئے اس شعبہ کو آسمان کی بلندیوں تک پہنچایا۔ ڈاکٹر عزیز حاجنی کی محنت اور لگن کو مدِ نظر رکھتے ہوئے 2015ء میں سرکار کی طرف سے قائم کردہ سرچ کمیٹی نے اُنہیں جموں و کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ کلچر اینڈ لینگویجز کے سیکریٹری کے عہدے کے لئے نامزد کیا۔ اس طرح وہ جون 2015ء کو اس ادارے کے سیکریٹری مقرر ہوئے۔

آفس سنبھالنے کے بعد حاجنی صاحب کے سامنے اُس وقت جو سب سے بڑے چلینج تھے، وہ سیلاب زدہ اکیڈیمی کے دفاتر کی خستہ حالی، ٹیگور حال سرینگر کی بُری حالت اور ابھینو تھیٹر جموں کی تجدید و مرمت تھی۔ یہاں پر حاجنی صاحب نے اپنے کام میں سرعت لائی اور ڈبل شفٹ میں کام کروا کے ریکارڈ وقت میں اکیڈیمی دفاتر، ٹیگور حال اور ابھینو تھیٹر کو نہ صرف مکمل کروایا بلکہ دونوں ہالوں کو ہندوستان کے بڑے بڑے تھیٹر ہالوں کے متوازی بنا دیا۔

کلچرل اکیڈیمی میں رہ کر حاجنی صاحب نے ایسے کارہائے نمایاں انجام دیئے

جن کی نظیر ملنا اکیڈیمی کی تاریخ میں ناممکن ہے۔ بزرگ ادیبوں، شاعروں اور فنکاروں کے لئے ماہانہ وظیفہ، مشاعروں اور دیگر معاوضوں میں دوگنا اضافہ، شرفِ ثقافت کا قیام۔ شاعروں ادیبوں اور فنکاروں کی عزت افزائی، فنکاروں کے بیرونا • ریاست اور بیرون ملک دورے۔ ادبی انجمنوں کی گرانٹ، اِن کی ایڈ میں خاطر خواہ اضافہ، اسکولی بچوں کے لئے میگا ایونٹ، ڈاکٹر عزیز حاجنی کی کاوشوں کا نتیجہ ہے۔

ڈاکٹر حاجنی جہاں بھی رہے شان سے رہے اور اپنے پیچھے ایسے نقوش چھوڑ تے گئے کہ سالہا سال تک آنے والے قافلے مستفید ہوتے رہیں گے۔ اُن کی سرکاری نوکری کی میعاد اگرچہ 30 مارچ 2019ء کو مکمل ہوئی مگر سرکاری کام کاج سے جب ہم باہر دیکھتے ہیں تو حاجنی صاحب کی دُنیا بہت وسیع نظر آتی ہے۔ ہائی سکول حاجن کے ڈرامہ گروپ سے لے کر ملک کی سب سے بڑی ادبی اکیڈیمی، ساہیتہ اکیڈیمی نئی دِلی تک حاجنی صاحب کا سفر بہت اہم رہا۔ اس سفر میں اُنہوں نے صرف اور صرف اپنی مادری زبان کی ترقی کے لئے کام کیا۔ گاؤں کا ایک سیدھا سادہ اور شرمیلا لڑکا حلقۂ ادب سوناواری اور ایک مقامی ڈرامائک کلب میں شامل ہوکر چھوٹے چھوٹے مشاعروں میں حصہ لینے لگتا ہے اور سماجی مسائل پر ڈرامے لکھنے کے ساتھ پروفیسر محی الدین حاجنی کے زیرِ سایہ مختلف موضوعات پر مقالے لکھنے لگتا ہے اور آگے چل کر کشمیری زبان کی ترقی کے حوالے سے دردر کی خاک چھانتا پھرتا ہے۔

حلقۂ ادب سوناواری میں پہلے اُنہوں نے بطورِ میڈیا سیکریٹری کام کیا پھر 1999ء سے لے کر 2001ء تک وہ اس تنظیم کے جنرل سیکریٹری رہے۔ وہ کشمیر

فاؤنڈیشن فار آرٹ اینڈ کلچر کے نائب صدر اور بھارت سکاؤٹس اینڈ گائیڈس کے شعبۂ ثقافت کے ریاستی سربراہ بھی رہے۔حاجنی صاحب 1988ء سے کے کر 2008ء تک کشمیر تھیٹر فیڈریشن کے صدر رہے۔وہ کلچرل اکیڈیمی کی مشاورتی کمیٹی کے ممبر بھی رہے اور 2016ء سے 2019ء تک اس ادارے کی مرکزی مالیاتی کمیٹی کے ساتھ بھی وابستہ رہے۔

ڈاکٹر حاجنی پہلے 1997ء سے لے کر 2002ء تک ساہیتہ اکیڈیمی نئی دِلی کی کشمیری ایڈوائزری بورڈ کے ممبر رہے۔ریاستی لیجسلیچر کی طرف سے اُنہیں اُس اعلیٰ سطحی کمیٹی کا بھی ضمیر بنایا گیا جو کشمیری زبان کو کلاسیکل درجہ دلوانے کے لئے خاکہ مرتب کرنے کے لئے بنائی گئی تھی۔حاجنی صاحب اِنڈین اِنسٹی چیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن نئی دِلی کے تاحیات ممبر رہے۔وہ ادب میں دیئے جانے والے نوبل انعام کے بھی ریفری رہ چکے ہیں۔حاجنی صاحب 2008ء سے کے کر 2012ء تک پہلی بار ساہیتہ اکیڈیمی کے کشمیری ایڈوائزری بورڈ کے کنوینئر بنے۔وہ 2009ء سے کے کر 2013ء تک بھارت سرکار کے محکمۂ ثقافت کی جانب سے دی جانے والی جونئر اور سینئر فیلوشِپ دینے والی ایکسپرٹ کمیٹی کے ممبر رہے۔2018ء میں حاجنی صاحب کو ایک بار پھر ساہیتہ اکیڈیمی نئی دہلی کے کشمیری ایڈوائزری بورڈ کا کنوینئر بنایا گیا اور 2019ء سے وہ ناردرن ریجنل بورڈ آف لنگویجز کے بھی کنوینئر رہے۔

حاجنی صاحب نے کشمیری اور اردو زبان کو لگ بھگ 20 اہم کتابیں دی ہیں،جن میں طبع زاد،ترتیب اور ترجمے شامل ہیں۔بمنہ ڈگری کالج کے میگزین سے لے کر محکمۂ تعلیم

کے ایڈونیوز، حلقۂ ادب سوناواری کے ''ولر کو ملر'' اور ادبی مرکز کمراز کے رسالہ ''پرو'' اور کلچرل اکیڈیمی کے مختلف رسالوں کے ساتھ منسلک رہ کر انہوں نے کام کرنے کا ایک اعلیٰ معیار قائم کیا۔ جہاں تک اُن کی شاعری کا تعلق ہے اس حوالے سے وہ کشمیری زبان کے صفِ اول کے شاعروں سے کچھ کم نہیں ہیں۔ نامور کشمیری اور اردو شاعر رفیق رازؔ حاجنی صاحب کی شاعری سے متعلق رقمطراز ہیں کہ:

''حاجنیؔ کی شاعری کا متکلم ماضی کے پاتال کو کھنگال کر اُن اقدار کو ڈھونڈ رہا ہے جو وقت کے بے رحم طوفان نے ہم سے چھینی ہیں۔

اِن سماجی قدروں میں خوفِ خدا، ایک دوسرے کا احترام اور آپسی بھروسہ۔ وہ تبدیلی اور ترقی کے خلاف نہیں ہیں، مگر اُنہیں وہ ترقی بالکل قبول نہیں جو سماج کی بنیادی قدروں کو روندتی ہے......وہ ایک ایسا ترقی پسند ہے جسے قدروں کی پامالی رُلاتی ہے۔ اُسے وہ ترقی ہرگز قبول نہیں جو انسان کو وحشی اور خونخوار بنادے۔...........

(اَسہِ چھِ پرُن ہمسایِن تل۔ص:30)

حاجنی صاحب کو ملک اور ملک سے باہر بہت اعلیٰ سطحی ادبی پروگراموں میں حصہ لینے اور بولنے کا موقع مِلا۔ 2011ء میں اُنہوں نے کنیڈا کی سرکار کے بلاوے پر ''اُٹاوا'' میں منعقدہ ایک عالمی ادبی کانفرنس میں شرکت کی۔ امریکہ کے شہر نیویارک میں بھی عالمی سطح کے ایک Pannel Discussion میں ہندوستان کی نمائندگی کی۔ اس پروگرام کا اہتمام United Nations Academic impact نامی ادارے نے کیا تھا۔ 2014ء میں حاجنی صاحب نے شارجہ میں منعقد ایک کانفرنس میں

ایک بار پھر پورے ملک کی نمائندگی کی ۔ ملک کی اکثر ریاستوں اور مرکزی زیرِ انتظام علاقوں میں بھی حاجنی صاحب نے لاتعداد قومی اور بین الاقوامی کانفرنسوں میں حصہ لے کر جموں و کشمیر کا سر فخر سے ہمیشہ اونچا رکھا۔

حاجنی صاحب کی شخصیت کا ایک اور پہلو الیکٹرانک میڈیا خاص کر فِلم، ٹیلی ویژن اور ریڈیو سے جُڑا ہے۔ بحیثیتِ فِلم ساز، اُنہوں نے بہت سے کشمیری شاعروں، ادیبوں اور فنکاروں کو باقی دُنیا سے متعارف کروایا۔ جن میں پروفیسر محی الدین حاجنیؔ، پروفیسر رحمان راہیؔ، میر غلام رسول نازکیؔ، مرحوم اختر محی الدین، گلزار حاجنی، زیبہ زینت، غلام حسن تسکین، پروفیسر شفیع شوقؔ، علی محمد شیخ، نشاط انصاریؔ، موتی لال ساقیؔ، صوفی غلام محمد، پروفیسر غلام نبی فراقؔ، فاروق نازکیؔ، محمد یوسف ٹینگ، شمیم احمد شمیمؔ اور پروفیسر محمد زماں آزُردہؔ وغیرہ شامل ہیں۔

اُنہوں نے دور درشن کے کاشُر چینل کے لئے درجنوں ڈرامے لکھے جن میں ''دلیلا زندگانی ہنز'' کافی مشہور ہوا۔ آل انڈیا ریڈیو سرینگر کے لئے بھی ڈراموں اور سیریلوں کے علاوہ مختلف موضوعات پر سینکڑوں پروگرام پیش کرتے رہے۔ ڈاکٹر عزیز حاجنی کو کشمیری زبان، ادب اور ثقافت کے تئیں اُن کی گراں قدر خدمات کے عوض کئی سارے اعزازات ملے ہیں۔ 1993ء میں اُنہیں حلقہ اربابِ ذوق بارہمولہ کی طرف سے ''تمغۂ وقار'' سے نوازا گیا۔ 2004ء میں اُنہیں سنگر اسٹیج کشمیر کی جانب سے شرفِ ثقافت، اعزاز سے نوازا گیا اور 2008ء میں حکومت جموں و کشمیر کے محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ کی طرف سے حاجنی صاحب کو 'خلعتِ شیخ العالم' سے سرفراز کیا گیا۔ 2021ء

میں ہرموکھ کاشُر مرکز نے انہیں ''ہرموکھ ایوارڈ'' سے نوازا جب کہ کاروانِ ادب ڈب گاندر بل نے اُنہیں 2012ء میں ''میرِ کاروان'' اعزاز سے نوازا۔ حاجنیؔ صاحب کو ملک کی سب سے بڑی ادبی اکیڈیمی، ساہیتہ اکیڈیمی نئی دِلی نے عزیز احمد کے اردو ناول، دوگز زمین، کے کشمیری ترجمہ ''زِگز زمین'' پر 2013ء کے ترجمہ ایوارڈ سے نوازا۔ 2013ء میں ہی اُنہیں ہندی کشمیری سنگم کی طرف سے ''مہجور میموریل ایوارڈ'' عطا کیا گیا۔ 2014ء میں حاجنی صاحب کو کشمیری سنگم کی جانب سے ''دینا ناتھ نادم'' میموریل ایوارڈ سے نوازہ گیا۔ 2015ء میں اُنہیں اُن کے تحقیقی اور تنقیدی مقالات پر مبنی کتاب ''آنہ خانہ'' پر ملک کا باوقار ادبی ایوارڈ ساہیتہ اکیڈیمی ایوارڈ، دیا گیا۔ دبستان ہمالہ راجوری نامی ادبی تنظیم نے بھی حاجنی صاحب کو 2017ء میں ''فخرِ ہمالہ'' ایورڈ عطا کیا۔ 2018ء میں اُنہیں ادبی مرکز کمراز جموں وکشمیر کی طرف سے ''شرفِ کمراز'' ایوارڈ سے نوازہ گیا اور اسی سال جموں وکشمیر نگینہ فاؤنڈیشن سرینگر نے اُنہیں ''نگینہ انٹرنیشنل ایورڈ'' عطا کیا۔ جموں کے بھارتیہ کلا سنگم نے بھی اُنہیں ''دھرتی پتر'' سمان سے سرفراز کیا۔ 2018ء میں ہی اُنہیں وردھا جموں کی طرف سے ''شِو دت میموریل ایوارڈ'' مِلا۔ رسا جاودانی میموریل ایوارڈ بھی حاجنی صاحب کو 2018ء میں ہی مِلا۔ 2019ء میں اُنہیں جموں ہی کی ایک ثقافتی تنظیم نے ''آل آرٹسٹ ویلفیر ایوارڈ'' عطا کیا۔ حلقہ ادب سوناواری نے 2021ء میں ڈاکٹر حاجنی کو اُن کی گراں قدر ادبی خدمات کے عوض ''خلعت حاجنیؔ'' سے نوازا۔ اسکے علاوہ بابا غلام شاہ بادشادہ یونیورسٹی کی طرف سے اُنہیں ''رنگ ترنگ'' ایوارڈ سے نوازا گیا۔ حاجنی صاحب کو اور بھی درجنوں ایوارڈ و اعزازات عطا کئے گئے ہیں۔ جن کا مُفصّل تذکرہ کرنے

سے یہ مضمون مزید طول پکڑ سکتا ہے۔

حاجنی صاحب نے یہ بے شمار انعامات اور اعزازات پانے کے باوجود بھی اپنے آپ کو کبھی بھی عام انسانوں سے بڑا یا الگ نہیں سمجھا۔ وہ جہاں بھی رہے، شاعروں، ادیبوں اور فنکاروں سے جُڑے رہے۔ عام کشمیری اُن سے اس لئے بے پناہ محبت کرتے تھے کیونکہ وہ اپنی مادری زبان کو اپنی جان سے بھی زیادہ عزیز رکھتے تھے۔ اور دِن رات اس کی ترقی اور ترویج کے لئے کوشاں رہتے تھے۔ کشمیری زبان و ادب اور ثقافت کا یہ بہی خواہ محض 63 سال کی عمر میں 11 ستمبر 2021ء رات گیارہ بجے اس فانی دنیا سے کوچ کر گئے۔

اِنّا للہ واِنّا الیہ راجعون

☆☆

ڈاکٹر فیض قاضی آبادی
اسسٹنٹ پروفیسر

حکیمؒ الامتؒ اور خواجہ عزیز الحسن مجذوبؒ

حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کے فیضِ صحبت نے جہاں عالمِ اسلام کو بڑے بڑے مفسرّین و مبلّغین، داعیانِ دین درسگاہوں کے منتظمین و مدرّسین وغیرہ دیئے وہیں شاعرِ عرفانیات کے لقب سے اُردو دنیا میں معروف عزیز الحسن مجذوبؒ بھی حضرت تھانویؒ کا ایک ایسا انمول تحفہ ہے جسے شعر و ادب کی دنیا اور دینی حلقوں میں بہت دیر تک یاد رکھا جائے گا۔ ایسا بہت کم دیکھا گیا ہے کہ دنیاوی علوم کا پڑھا لکھا وہ بھی اعلیٰ تعلیم یافتہ کسی بوریہ نشیں کا اس قدر گرویدہ ہو جائے کہ حکومت سے تنخواہ کی کٹوتی کرا کے لمبی رخصت لے کر اسی کے در پر پڑا رہے اور جب مرشد کا انتقال ہو جائے تو غم سے نڈھال ہو جائے۔

خواجہ صاحبؒ اور حضرت تھانویؒ صاحب کا تعلّق امیر خسرو اور حضرت نظام الدین اولیاءؒ کی طرح تھا کہ ایک دوسرے کے بغیر بے قرار ہو جاتے تھے۔ یہ ایک دوسرے کے مرشد و مرید ہی نہ تھے بلکہ محبوب و محبّ بھی تھے۔ کہتے ہے کہ صلحاء و علماء کی صحبت انسان کو مہذّب بناتی ہے۔ مجذوبؒ کو اپنے والد محترم کی تربیت نے ادب و اخلاق

کے زینے طے کرائے تھے پھر جب وہ حضرت تھانویؒ کے ارادت بندوں میں شامل ہو گئے تو اکسیر بن گئے۔ گریجویشن کے دوران تعلیم سے بے رغبتی ہونے لگی تو گھر والوں کو فکر لاحق ہو گئی۔ کسی طرح حضرت تھانویؒ تک یہ بات پہنچ گئی تو انہوں نے مجذوبؔ کو لکھ بھیجا۔ ''ایسے نہ بنو کہ دنیا تمہیں ناکارہ و بے عمل قرار دے۔ تعلیم کے جس کام میں لگے ہو اس میں اوروں سے بھی آگے بڑھنے کی کوشش کرو''۔ ایک دفعہ ڈپٹی کلکڑی کے امتحان کی تیاری طبع پہ ناگوار گذری اور پھر امتحان نہ دینے کی سوچ لی۔ جب حضرت تھانویؒ کو اس کی اطلاع ملی تو یوں نصیحت کی ''امتحان کو ضرور پاس کر لینا چاہئے تا کہ اہلِ دنیا کی نظر میں ذلت نہ ہو۔ اس مردار دنیا کو حاصل کرنے کے بعد چھوڑ دینا چاہئے۔ تارک الدنیا ہونا چاہئے نہ کہ متروک الدنیا''۔ پھر جب ڈپٹی کلیکٹری کی نوکری مل گئی تو مقدّمات کے مشورے حضرت تھانویؒ سے ہی کیا کرتے تھے۔ اور پھر شرعی احکام اور جزئیات پر دونوں کے درمیان لمبی گفتگو ہوتی تھی۔ ایک دفعہ اپنے مرشد سے شاعری چھوڑنے کا ذکر کیا تو انہوں نے فرمایا ''آپ یہ فن نہ بھول جائیں۔ یہ شاعری بھی کمال کی چیز ہے جس کا بھولنا ٹھیک نہیں'' لیکن جب مجذوب کا جوشِ شاعری زیادہ بڑھنے لگا اور ہر وقت شعر و شاعری کا شغل رہتا تو حضرت نے توبہ کرائی۔ لیکن کبھی کبھار اپنے دوست واحباب کے اصرار پر پھر لے میں آجاتے تھے۔

ہمیشہ ہم تو کر لیتے ہیں توبہ شعر خوانی سے
کریں کیا چھیڑ کر احباب پھر مجبور کرتے ہیں

ملازم ہمیشہ ترقی کا خواہاں ہوتا ہے۔ اُسے ہر وقت یہ فکر لاحق ہوتی ہے کہ کب اگلے گریڈ میں پہنچ جائے۔ لیکن یہ ایک مجذوب تھا جس نے گریڈ کے اعتبار سے تنزّلی تو قبول کی لیکن سود کی ڈگری دینے سے انکار کیا۔ یعنی مجذوب کو ڈپٹی کلیکٹری میں ہر ماہ ساڑھے تین سو روپیے تنخواہ ملتی تھی۔ لیکن یہاں پر اُسے سود کے مقدمے طے کرنے ہوتے تھے جس کے لئے وہ تیار نہیں تھا۔ اس لئے حکومت نے اُن کا تبادلہ محکمۂ ایجوکیشن میں بطورِ ڈپٹی انسپکٹر مدارس کر دیا۔ یہاں اُن کی ماہانہ تنخواہ ڈیڑھ سو روپے مقرر ہوئی۔ مجذوبؔ نے خوشی خوشی اس کو قبول کر لیا۔ دوستوں نے طعنہ دیا کہ انسان تو ترقی کی سوچتا ہے اور آپ نے تنزّل کیا تو فرمایا ؎

کہنے کا ہم نشین مانتا میں بُرا نہیں
صاحبِ نظر کے سامنے ہائے ابھی پڑا نہیں

خواجہ صاحبؒ اپنا زیادہ وقت حضرت تھانویؒ کی صحبت میں گذارنے کو خوش قسمتی سمجھتے تھے۔ شیخؒ سے دوری ان کے لئے اضطرابِ قلب کا سبب ہو رہی تھی اس لئے حکومت سے لمبی چھٹیاں (کبھی بغیر تنخواہ اور کبھی نصف تنخواہ پر) لے کر حضرتؒ کی صحبت میں آجاتے تھے۔ ان کے اپنے متعلّقین اور رشتہ داروں پر کبھی کبھار یہ شاق گذرتا تھا۔ شاید اسی لئے ایک دفعہ حضرت تھانویؒ نے انہیں مجلس میں شرکت کی اجازت نہیں دی تو اس پر فرمایا ہے ؎

اُدھر وہ در نہ کھولیں گے اِدھر میں در نہ چھوڑوں گا
حکومت اپنی اپنی ہے کہیں اُن کی کہیں میری

حضرت شیخؒ سے ان کی انتہائی محبت کی یہ ایک ادنیٰ سی مثال ہے۔

مجذوبؔ کو اس بات کا احساس تھا کہ انھیں ایسا مرشد کامل نصیب ہوا ہے جو اپنے وقت کا قطب ہے۔ چنانچہ اشرف السوّانح میں فرماتے ہیں۔

''الحمدِ للہ سب سے بڑا اشرف جو احقر کو بفضلہٖ تعالیٰ حاصل ہے وہ یہ ہے کہ حضرت اشرف المخلوقات علیہ الصّلوٰۃ والتحیات جیسے اشرف الرسل کی امت مسلمہ میں ہوں اور حضرت اشرف الرّحمن جیسے اشرف المشائخ کے ارادت مندوں میں ہوں۔'' (جلد سوم صفحہ 547)

یہ اشعار حسبِ حال ہیں ؎

ہے احد معبود اپنا اور نبی خیر الوریٰؐ
شیخ بھی ہے قطبِ دوراں میں تو اس قابل نہ تھا
کر رحم کہ نسبت ہے سرکارِ دو عالم سے ہے
اور میں بیعت اس سے ہوں جو قطبِ زمانہ ہے

حضرت تھانویؒ کی صحبت میں جس نے بھی زانوئے تلمذ تہہ کیے اُسے بارگاہِ ایزوی میں ایک مقام مل گیا۔ اُن کے مطب میں ہر مریض نے شفا پائی۔ مریدین ترقی کرتے کرتے خود ہزاروں سالکین کے مرشد بن گئے۔ مجذوبؔ جب نگاہِ ولی میں آ گئے تو اُن کی کایا ہی پلٹ گئی ظاہر تا باطن ہر چیز بدل گئی۔ اُن کی سیرت وصورت سے اللہ اور اللہ والوں

کی یادتازہ ہونے لگی۔ بلند اخلاق ووسیع القلب ہوگئے۔معاصر شعراء وعلماء ادب واحترام کرنے لگے۔ پیر نے مجذوبؔ کا لقب دیا۔ رسالہ المفتی دیوبند میں ’’حافظِ عصر‘‘ کے نام سے چھپتے رہے۔ نجم الحسن کاندھلوی نے شاعرِ عرفانیات کا لقب دیا۔ حضرت کی نظر نے ان کی شاعری میں وہ رس گھول دیا جو عجب کیف وسرور میں مست کرتی ہے۔ مجذوبؔ مشہور و معروف ہوگئے اور اپنے دور کی ہر دینی وادبی مجلس میں ان کا نام لیا جانے لگا۔ انھیں اس بات کا احساس ہوگیا کہ یہ سب کچھ حضرت تھانویؒ کے فیضِ صحبت کا ہی اثر ہے جس کا اظہار انھوں نے اپنے کلام میں ہر جگہ کیا ہے۔ مثلاً ؎

میں ہوں اک ذرّ ناچیز میں کیا میری ہستی کیا
یہ ہے شیرِ مردِ تھانوی کا فیضِ روحانی

حضرت مجذوبؔ کا کشکول کھولیے تو اشرفیوں کے ڈھیر لگ جائیں گے۔ اگر کشکول میں سے وہ اشعار الگ کیے جائیں جو انہوں نے اپنے مرشد کے متعلق لکھے ہیں تو الگ سے ایک مجموعہ تیار ہوجائے گا۔ اُن کی شاعری کا مقصد ہی حکیم الامتؒ کی تعریف و توصیف بیان کرنا تھا۔ ؎

اس انہماکِ شعر میں سچ ہے یہ معترض
اپنی خبر نہ پاس عزیزو قریب کا
مجذوبؔ کو مگر نہیں مقصود شاعری

کوئی بہانہ چاہیے ذِکر حبیب کا

پروفیسر احمد سعید نے غلط نہیں کہا ہے کہ ''حضرت مجذوبؒ شیخ کی شرابِ عشق میں سراپا مخمور تھے اور ان کا ہر موئے بدن شیخ کی ثنا و صفت کا ایک شعر تھا۔ جس پر ان کا کلام شاہد ہے۔''

حوضِ کوثر موجزن پیرِ مغاں کے دِل میں ہے
کس میں ہے وہ بات جو اس مرشدِ کامل میں ہے

☆

جو اشرف تھا زمانے میں جو اشرف ہے زمانے میں
میں ایسے تیرے اشرف کی عقیدت لے کے آیا ہوں

مریدینِ حکیم الامتؒ اور اُن کے تربیت یافتہ جب جب منبر پر کھڑے ہو کر اپنے مریدین و متعلّقین کو کتاب و سنت کے گوہر پاروں سے آراستہ کرتے ہیں تو ساتھ میں حضرت تھانویؒ کے اقوال کو بھی گوہر پاروں کی تشریح کے ضمن میں بیان کرتے ہیں۔ لیکن مجذوبؒ مرید ہونے کے ساتھ ساتھ شاعر بھی تھے اس لئے اپنے شیخ کے اقوال کو شاعری میں منتقل کر کے حقِ مریدی کا ثبوت پیش کیا ہے۔ ''تعلیماتِ اشرفیہ منظوم'' عنوان کے تحت تقریباً ایک سو ستائیس اشعار لکھ کر فنِ شاعری پر دسترس ہونے کا ثبوت دیا ہے (کیونکہ نثر پارے کو نظم میں ڈھالنا بہت مشکل ہے اور جو یہ کام بخوبی انجام دیتا ہے وہ اس فن کا ماہر کہلاتا ہے)۔

چند اشعار ملاحظہ فرمائیے ؎

چار شرطیں لازمی ہیں استفاضہ کے لئے
اطلاع و اتباع و اعتقادو انقیاد
یہ مقفّٰی قول ہے رنگین بھی سنگین بھی
حضرتِ مرشد کا یہ ارشاد رکھ تا عمر یاد

☆

اصلاح میں اپنی کر نہ سستی
ہمت پہ ہے منحصر درستی
فرما گئے ہیں حکیم الامتؒ
سُستی کا علاج بس ہے چُستی

اسی مضمون میں ایک جگہ ہم نے لکھ دیا ہے کہ مجذوبؔ دینی وادبی حلقوں میں مشہور ومعروف تھے اور ہر ایک کو معلوم تھا کہ ان کے عشق کی چنگاری کو ان کے شیخؒ نے ہی شعلہ بنا دیا ہے اور یہ بھی جانتے تھے کہ مجذوبؔ اپنے شیخؒ کے محبوب ترین مرید ہیں اس لئے بہت سارے لوگ ان کی وساطت سے ہی حضرت تھانویؒ کے حلقۂ ارادت میں شامل ہوتے تھے۔ شاعرِ متغزّلین جگر مرادآبادی بھی مجذوبؔ کی وساطت سے ہی حضرت شیخؒ کے مریدین میں شامل ہوئے تھے۔ ان ہی کے کہنے پر جگرؔ نے شراب نوشی سے توبہ کی تھی۔ کئی

علمائے دین بھی جو ابھی تک دور دور سے ہی تھانویؒ کے کمالات کا مشاہدہ کر رہے تھے اب باضابطہ حضرتؒ کے معتقدین میں شامل ہونا چاہتے تھے۔ لیکن وہ یہ سعادت والا کام مجذوبؒ کے ذریعے ہی تکمیل تک پہنچانا چاہتے تھے۔ حضرت مولانا مفتی جمیل احمدؒ ان میں سے خاص طور سے قابلِ ذکر ہیں۔ جمیل صاحبؒ شاعر بھی تھے اس لئے ایک منظوم خط مجذوبؒ کو لکھا جس میں انہوں نے حضرت تھانویؒ سے دور رہ کر اپنی محرومی کا اور بے نصیبی کا ذکر کیا ہے۔ اس کے جواب میں مجذوبؒ نے منظوم انداز میں ہی جمیل صاحب کو حضرت تھانویؒ سے بیعت ہونے اور ان سے روحانی فیض حاصل کرنے کی دعوت دی ہے۔ جب جمیل صاحب لکھتے ہیں ؎

لوگ آتے ہیں ہوتے ہیں سیراب
اور میں ہوں کہ تشنہ بر لبِ آب

(مکتوب اول)

ایثار کیا یہی ہے پی پی گئے اکیلے
اور مُنہ سے یہ نہ نکلا اک جام تو بھی لے لے

(مکتوب دوم)

تو حضرت مجذوبؒ نے جواب دیا ؎

فیضِ پیرِ مُغاں ہے سب کو عام

ہو بشرطِ کہ دل سے کوئی غلام

حضرت تھانویؒ کی حیات اور شخصیت پر کئی کتابیں لکھی گئی ہیں لیکن ''اشرف السوانح'' ان سب میں جامع اور مستند مانی جاتی ہے جس کے مؤلف یہی عزیز الحسن مجذوبؒ ہیں ۔حضرت تھانویؒ کے حلقۂ ارادت میں سینکڑوں جلیلُ القدر اور متبحر علماء ہونے کے باوجود ''اشرف السوانح'' کی تالیف کا کام مجذوبؒ کو ہی سپرد کیا گیا چنانچہ وہ فرماتے ہیں:

''تالیف اشرف السوانح کا شرف مجھ جیسے ناکارہ کو حاصل ہو جانا محض موہبتِ خداوندی ہے......غرض یہ شرف احقر کی قسمت میں ازل ہی سے لکھ دیا گیا تھا''

یہ وہ کتاب ہے جس نے نہ صرف علماء وصلحاء کی سوانحِ کتب میں اضافہ کیا بلکہ اس نے سالکین کے لیے مشعلِ راہ کا کام بھی کیا: ''اشرف السوانح'' چار جلدوں پر مشتمل ہے۔جس میں جو بیس طویل باب باندھے گئے ہیں ۔کہتے ہیں کہ حضرت خواجہؒ بیسوں صفحات لکھ کر حضرت تھانویؒ کی خدمت میں ملاحظہ کے لیے پیش کرتے تو ان میں سے چند صفحات ہی منتخب کئے جاتے۔اس کتاب کی یہ امتیازی شان ہے کہ یہ حضرت تھانوی کے لفظ بلفظ ملاحظہ کرنے کے بعدؒ شائع ہوئی تھی۔مجذوبؒ فرماتے ہیں:

نہ سمجھنا کہ یہ فسانہ ہے علم و حکمت کا اک خزانہ ہے
نام مجذوب ہی اس کا تاریخی سیرتِ اشرفِ زمانہ ہے

اس کتاب کو مکمل کرنے پر حضرت تھانویؒ نے مجذوبؒ کو ایک کلاہ مرحمت فرمائی

جس پر اپنا یہ شعر کشیدہ کرایا۔

سندے برائے جامعِ آن اشرف السوّانح
کز حسن جاگر فتہ در قلب و در جوانح

(اس اشرف السوانح کے مرتّب کے لئے یہ ایک سند ہے کہ جس نے اپنے حسن کی وجہ سے دل وجان میں مقام حاصل کرلیا ہے)

حضرت تھانویؒ کے ہاں مجذوبؒ کا مقام کیا تھا اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ مجذوبؒ کی غیر حاضری میں آپ اپنے حلقہ مریدین میں ان کی خوب تعریف کرتے تھے چنانچہ ایک دفعہ فرمایا ''خواجہ صاحبؒ سراپا دین اور عامل بالعزیمت ،قانع ،متواضع خلیفۂ مجاز ہیں۔دنیا کا کوئی شائبہ بھی ان میں نہیں۔

(ذکرِ مجذوبؒ۔پروفیسر احمد سعید ؒصفحہ (۵۲)

حضرت تھانویؒ جب علماء کا تذکرہ کرتے تو انھیں اُن کے نام سے یاد کرتے یعنی مولوی محمد شفیع ،مولوی محمد طیّب ،شبیر علی وغیرہ لیکن مجذوبؒ کو ہمارے خواجہ صاحبؒ'۔ کہہ کر پکارتے ۔حضرت تھانویؒ ان کے کلام کو بہت پسند کرتے تھے اور فرمایا کرتے تھے: خواجہ صاحبؒ کا کلام حال ہی حال ہے، قال کا نام نہیں''۔

اپنے ایک ملفوظ میں فرماتے ہیں: خواجہ صاحبؒ تصوّف کے دقائق غمائض کو اپنے اشعار میں ادا کرتے ہیں''۔

حضرت تھانویؒ کو مجذوبؔ کا یہ شعر۔

ہر تمنا دل سے رخصت ہوگئی
اب تو آجا اب تو خلوت ہوگئی

بہت پسند تھا فرمایا کرتے: جب کبھی مجھ کو یہ شعر یاد آجاتا ہے تو کم از کم تین بار پڑھے بغیر سیری نہیں ہوتی'' ایک دفعہ مجذوب سے فرمایا: اگر میرے پاس اتنی رقم ہوتی تو میں ایک لاکھ روپیہ آپ کو اس شعر کا انعام دیتا''۔

حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کا جب بیاسی سال کی عمر میں ۱۱ جولائی ۱۹۴۳ء کو انتقال ہوا تو خواجہ صاحبؒ اس کے بعد صرف ایک سال تک زندہ رہے۔ مرشد کی جدائی سے دل و جگر غم سے لبریز ہوگیا۔ اس دوران جہاں بھی گئے اسی آفتاب ہدایت اور مرکزِ خلائق کی باتیں تھیں۔ حضرتؒ کے انتقال کے بعد تو بہت کم لکھا لیکن جو کچھ لکھنے میں آیا حضرت شیخ کی توصیف و تعریف پر ہی مبنی تھا یا ان کی جدائی کا مرثیہ ؎

فنا اُسے کر سکے بھلا یہ اجل کی بھی دسترس کہاں ہے
وہ غیر منفک جو ایک ربطِ خفی میرے اُن کے درمیان ہے

☆

؎ اب اور کچھ ہے میرے دن رات کا عالم
ہر وقت ہے اب ان سے ملاقات کا عالم

اب دل میں شب و روز جو ہے ان کا تصوّر
فرقت میں بھی رہتا ہے ملاقات کا عالم

ایک سو اشعار پر مشتمل ایک زوردار مرثیہ لکھ کر نہ صرف لکھتے لکھتے خود روئے ہونگے بلکہ اس مرثیہ کو جس نے بھی پڑھا ہوگا اُس کی آنکھ ضرور ڈبڈبائی ہوگی۔ یہ مرثیہ اس شعر سے شروع ہوکر۔

ہوگئے ہم سے آہ رخصت آہ
شاہ اشرف علی حق آگاہ

ان دو اشعار پر ختم ہوا ہے۔

جو عرش معلیٰ ہے ضوبار ہردم
یہ ہے قبر کس عبدرب العلیٰ کی
میں حیران ہی تھا کہ ہاتف نے پکارا
یہ رحلت ہے آج اشرف الاولیاء کی

☆☆

عبدالسلام کوثرؔی

گوجری زبان......مختصر جائزہ

گوجری زبان ایک قدیم ترین زبان ہے، جتنی قدیم گُجر اقوام کی تاریخ ہے اُتنی ہی پُرانی اور پُر مغز و بامعنی مفاہیم سے بھرپور متنوّع و مسجّع گوجری زبان ہے، گجر اقوام کے علماء، اُدباء اور دانشوران نے جہاں اس کے خاکوں میں رنگ بھرا ہے، وہیں دوسری زبان کے اَدیبوں، محققوں، قلمکاروں نے بھی اِس زبان کی خدمت میں اپنے آپکو پیش پیش رکھا ہے۔ اس زبان کی اہمیت وافادیت اور قدامت کے حوالے سے خوب قلم فرسائی کی گئی ہے۔ جو اس زبان کے لئے نیک شگون ہے اور کئی لحاظ سے حوصلہ افزائی کا وسیلہ بھی ہے۔ گُجر اور غیر گُجر عالموں، محققوں، ادیبوں اور شاعروں نے وقت بوقت موقعہ بموقعہ اِن علمی، ثقافتی اور تاریخی حقیقتوں اور سچائیوں کو عوام النّاس کے سامنے لانے کی حتی الوسع کوشش کی ہے اور الحمداللہ یہ کوشش بارآور ثابت ہو رہی ہیں۔

آج کی تاریخ یعنی <u>2023</u>ء میں ہمارے پاس گوجری زبان کے حوالے سے پُر اُمید اور حوصلہ افزا اَدبی، تاریخی اور ثقافتی مواد موجود ہے، حالانکہ گجر اقوام کی افرادی تعداد (Population) کے اعتبار سے یہ کوئی بہت بڑی خوش فہمی میں مبتلا ہونے والی بات نہیں ہے، اُس نوعیت سے سوچا یا دیکھا جائے تو جتنا کام ابھی تک معرضِ وجود میں آیا ہے۔ مزید

اُس سے چار گُنا زیادہ ہونا چاہیے تھا۔ بہر حال نا اُمیدی کُفرانِ نعمت کے مُترادف ہو جاتی ہے۔ الحمدِللہ! ہمارے علماء، اُدبا اور دانشوروں کی جدوجہدِ مُسلسل کے ذریعے سے جو کچھ آج نئی نسل تک پہنچا ہے بہت غنیمت ہے، آج جب برق رو(Electronic) دور میں بہت سی زبانیں یا تو بالکل صفحۂ ہستی سے ناپید ہوتی جارہی ہیں، یا اُس ناپیدی اور گُمنامی کے دوراہے پر کھڑی ہیں جہاں سے واپسی کا کوئی امکان نہیں ہے، یہ بات اطمینان بخش ہے جن غیّور اور حسّاس قوموں نے اپنی زبان، ثقافت، تہذیب و تمدّن اور لوک وراثت کی صحیح معنیٰ میں حفاظت کی اُس کی پرورش و پرداخت کی، اُس نے اقوامِ عالم میں اپنا نمایاں مقام حاصل کرلیا، کامیابی و کامرانی نے اُن کے قدم چومے، جن قوموں نے اپنی تہذیبی و ثقافتی قدروں کو نئی نسل تک پہنچا کر اپنی لوک وراثت کے بنیادی پتھر پر ایک شاندار اور مضبوط تعمیر کھڑی کی اُن کے آثار و تذکرے کبھی معدوم نہیں ہوتے، لیکن جن قوموں نے اپنی تہذیب و تمدّن کو پسِ پُشت ڈالنے کی بھول کی اُنہوں نے صدیوں کی سزا پائی ؎

وہ وقت بھی دیکھا ہے تاریخ کی گھڑیوں نے
لمحوں نے خطا کی تھی صدیوں نے سزا پائی

حساس اور باغیّور قوم ہونے کے اعتبار سے ہمارا یہ فریضہ اور اہم ذمّہ داری ہے کہ ہم تاریخی خطا و بھول سے اپنے آپ کو اور اپنی تہذیب و ثقافت کو محفوظ رکھیں جب ہم گوجری زبان و ادب کی بات کرتے ہیں، تو ضرورت اس خاص امر و مدعے کی ہے کہ ہم گوجری زبان و ادب کے انمول سرمائے کی نہ صرف حفاظت کریں، بلکہ اُس کی ترقّی و ترویج اور نشر و اشاعت میں بھی اپنا بھرپور و بامقصد کردار ادا کریں، اللہ کا لاکھ لاکھ شکر و احسان ہے کہ اسی

ضرورت کو پورا کرنے کے لئے ہمارے خطۂ جموں وکشمیر میں چند سرکاری ادارے (جموں وکشمیر کلچرل اکیڈیمی، آل انڈیا ریڈیو سرینگر وجموں، دُور درشن کیندر سرینگر وجموں اوراُن کی ذیلی شاخیں کام کررہی ہیں، ہرایک سرکاری ادارے کے گوجری شعبے سے گوجری زبان و ادب کے حوالے سے سیر حاصل پروگرام نشر ہوتے ہیں اور تسلّی بخش تحریری وتخلیقی کام بھی مع نشرواشاعت کے وقوع پذیر ہورہے ہیں۔مگر گوجری پروگراموں کے ساتھ ایک بڑا تکلیف دہ حادثہ یہ ہے کہ پچھلے دس برس سے اِن پروگراموں کی نگرانی وسربراہی کرنے والا کوئی اہلِ زبان ان دونوں نشریاتی اداروں میں نہیں جو گوجری زبان، لسانیات، ادبیات ،گوجری، نثری مضامین، شاعری، ڈراما، کہانی، افسانہ، انشائیہ، سی حرفی، بیت، قطعہ، دوحہ ماہیا وغیرہ اصناف پر اطمینان بخش دسترس رکھتا ہو، جواس زبان کو صحیح حیثیت ونوعیت سے پیش کرسکتا ہو، ضرورت اس اہم امر کی ہے کہ اس زبان کو برمحل اور درست استعمال کیا جائے جس کے لئے کسی لایق فائق اہلِ زبان کی ادارے میں مستقل موجودگی ضروری ہے۔جن کی نگرانی میں شعبہ جاتِ گوجری اپنا کام صحیح طریقے پر انجام دے سکیں۔

گوجری زبان کے حوالے سے ایک ادارے نے بڑا ٹھوس، قابلِ قدر اور مضبوط کام کیا ہے، وہ ہے جموں اینڈ کشمیر کلچرل اکیڈیمی، جس نے گوجری زبان کی ہزاروں کتابیں شائع کی ہیں، جن میں اس زبان کی ہرایک صنفِ سُخن کو شامل کیا گیا ہے۔یعنی تاریخی کُتب ، گوجری لغات، مختلف اقسام ونوعیت میں ،نثری کتب، مجموعہ ہائے شاعری، افسانوی مجموعات، لوگ گیت، لوک کہانیاں، تنقیدی ادبیات، عربی فارسی سے کلاسیکل اَدب کو ترجمہ کی صورت میں گوجری زبان میں ڈھالا گیا ہے جو کہ موجودہ وقت کی اہم ضرورت

ہے۔

گوجری زبان میں مُتبرّک آسمانی کتاب ’’قرآن پاک‘‘ کے تقریباً چھ ترجمے آج تک معرضِ وجود میں آچکے ہیں۔ جو کہ مختلف ادوار میں مختلف مقامات کے علماء کرام نے تحریر کئے ہیں، جن میں سے ایک ترجمے کے ساتھ تشریح و تفسیر بھی شامل ہے، یہ عظیم اور مُتبرّک کارنامہ جناب مُفتی فیض الوحید قاسمی رحمۃ اللہ (کسانہ) اور جناب مولانا عابد حسین قاسمی (کوہلی) نے مشترکہ طور پر انجام دیا ہے۔ یہ کام 2004ء میں پایۂ تکمیل کو پہنچا تھا، جس کی دو اشاعتیں آج تک منظر عام پر آچکی ہیں۔ قرآنِ پاک ترجمے کے حوالے سے یہ کام پورے برصغیر میں سرحد کے دونوں جانب ہوئے ہیں۔

دو ترجمے ہمسایہ ملک کے دو عالموں مولانا فقیر محمد سعید چستی نے لاہور میں کیا ہے، جب کہ دوسرا ترجمہ مولانا عبدالرحیم ندیم پھامڑہ صاں نے ہزارہ میں کیا ہے۔ جو زیرِ طباعت و اشاعت ہے۔

ہمارے کشمیر سے قرآن مجید کے تین ترجمے اور وجود میں آئے ہیں۔ ایک ترجمہ ’’توضیح البیان‘‘ مولانا حافظ محمد امین مدنی، کا ہے جس میں مترّجم موصوف نے کتابِ متبرّک کے شایانِ شان گوجری زبان کا مؤدّبانہ لحاظ رکھتے ہوئے معیاری اور عام فہم زبان استعمال کی ہے۔ ایک اور کلامِ پاک مولانا مُفتی نذیر احمد صاحب نے جموں سے کیا ہے۔ یہ ترجمہ مولانا احمد رضا خان صاحب کے ترجمہ، قرآن شریف ’’کنز الایمان‘‘ کا ہو بہو عکس ہے۔ مترجمِ موصوف نے اپنی تقریظ میں اس بات کا خود اعتراف کیا ہے، اس کلامِ پاک کی تفسیر و توضیح علاّمہ نعیم رضا خان صاحب کی ہے جس سے مُفتی صاحب نے بھرپور فائدہ

اُٹھایا ہے۔

اس کے علاوہ حدیثِ مبارک کی ایک اہم کتاب ''اَللُّؤ لُؤُوَ الْمَرْجَان'' کا گوجری روپ ''سُچا موتی'' کے نام سے مولانا محمد امین مدنی صاحب کی کاوش سے زیورِطباعت سے آراستہ ہو کے قارئین کے سامنے آئی ہے یہ مُتّفق علیہ صحیح حدیثوں کا ضخیم مجموعہ ہے۔

اسی طور سے اور بھی احادیث کی کُتب، تواریخ کی کُتب، دینیات کی اور کتابیں بھی اس زمرے میں لائی گئی ہیں، علاوہ ازیں ترجمہ کاری کے اس سلسلے میں سوانحی کُتب بھی شامل ہیں مثلاً ''الفاروق''، خلیفۂ دوم حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی سیرت، حضرت امام اعظم ابوحنیفہؒ کی سیرت، سیرۃ النعمان، مثنوی مولانا رومؒ چھ جلد، گلستان، بوستان سعدیؒ، الرحیق المختوم بقلمِ، چودھری عبدالغنی عارف، ریاض الصّالحین (امام نوویؒ) تبلیغی نصاب، شیخ الحدیث حضرت مولانا زکرّیا۔کلامِ شیخ العالم حضرت شیخ نورالدین ولیؒ، کاروان مدینہ (علامہ ابوالحسن علی میاں ندویؒ)، گوجری روپ، ''مدینی قافلو'' (مترجم چودھری نسیم پونچھی)۔

لائف آف مہاتما گاندھی، گوجری روپ ''میں ازمایو سچ'' حسن پرواز، صدر جمہوریہ (اے پی جی عبدالکلام کی آٹو بائی گرافی (گوجری روپ (ترجمہ) چودھری ''پرواز'' ہیر وارث شاہ...... گوجری روپ چودھری محمد منشا خاکی، مثنوی سیف الملوک، حضرت میاں محمد بخشؒ...... گوجری ترجمہ، چودھری عبدالحمید کسانہ، اس کے علاوہ بھی بہت سے مقالات عربی، فارسی اور اُردو زبان سے گوجری زبان میں ترجمہ کئے گئے ہیں جو کہ گوجری زبان کے ذخیرے میں گراں قدر اضافہ ہے، پرائیویٹ ادارے اور ادبی انجمنیں بھی اس سلسلے میں گراں قدر خدمات انجام دے رہی ہیں۔

جہاں تک گوجری زبان کی تاریخی حیثیت ہے وہ بہت طویل ودقیق ہے، جس کا اس مختصر سے مضمون میں پورا احاطہ کرنا مشکل ہی نہیں ناممکن ہے۔ مختلف دور کے کچھ مؤرخین نے الگ الگ نظریئے قائم کئے ہیں۔ گوجری زبان کے ایک عالمی شُہرت یافتہ مؤرخ، مصنّف، شاعر وادیب جناب ڈاکٹر صابر آفاقیؔ صاحب اپنی کتاب ''گوجری زبان وادب'' میں رقمطراز ہیں:

''جس وقت اِبتداء میں گوجری، جرگے (قافلے) جارجیا سے ہندوستان آئے تو اُن کی زبان، سکزی یا ہردی وغیرہ تھی، پھر جب وہ کئی قرنوں (زمانوں) تک راجپوتانہ اور گجرات دکن میں اِقامت پذیر ہوئے، تو اُن کی زبان ہندی ہوگئی، اس امر کا پتہ لگانا کہ اُس وقت ہندی زبان کا معیار کیا تھا، اُس کا اپنا عمر کے حساب سے وجود میں آنے کے اعتبار سے کیا معیار تھا، کیا اُس سے اثر قبول کیا جاسکتا تھا؟ یہ اپنی جگہ ایک سوالیہ ہے؟ محقّقینِ اَلسنہ نے وادیِ سوات کے رہنے والے گوجروں کی زبان کو راجپوتانہ کی زبان کے مُشابہ ظاہر کیا ہے کہ راجپوتانہ اور سوات بنیر کے درمیان میں کئی زبانیں مختلف علاقوں میں بولی جاتی ہیں، مگر سوات بنیر اور راجپوتانہ کی زبان کا مشابہ ہونا بظاہر تعجب خیز ہے۔

ڈاکٹر صاحب موصوف آگے مزید رقمطراز ہیں:

''ہم نے خود سرحدی پہاڑی علاقوں میں جا کر مختلف گُجر قبائل سے ملاقات کی پونچھ، ایبٹ آباد، کشمیر کے گجر ایک خاص قسم کی فصیح و بلیغ گوجری جس کا تلفّظ بہت نرم و شیرین ہے بولتے ہیں۔ ہمارے گاؤں (کھوڑ، ضلع گجرات، پنجاب) اور گردونواح کے دیہات میں اب تک بہت سے آدمی بوڑھے، جوان اور بچے موجود ہیں، جو اسی نوعیت و

اقسام کی زبان بولتے ہیں، خلاصہ کلام یہ ہے کہ گوجر قبائل ہندوستان میں اپنی سکزی زبان لائے اور پھر اُنہوں نے رفتہ رفتہ ہندی، یا ہندوستانی زبان اختیار کی اور اس کے بعد جب اُنہوں نے رجعتِ قہقری، کی تو وہ ہندی زبان کو ساتھ لے گئے۔ (گوجری زبان وادب)

گوجری زبان کے حوالے سے یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ ہماری پڑوسی ریاست میں جو صحیح زبان بولی یا لکھی جارہی ہے۔اُس میں اس پار کے مہاجرین علماء، اُدباء اور شعراء کا بڑا نمایاں کردار ہے، بلکہ اگر یوں کہا جائے کہ یہاں سے ہجرت کرنے والوں نے ہی گوجری بولنے لکھنے کی رسم ایجاد کی، لیکن گوجری زبان کو فصاحت و بلاغت اور صحیح نہج وسمت دینے میں پونچھ راجوری کے ذی علم اور ذی شعور لوگوں کا اہم کردار ہے، چاہے وہ حدِ متارکہ کے اِس پار ہوں یا اُس پار۔ جو گوجری زبان اس وقت اپنی تمام خوبیوں اور صفات کے ساتھ استعمال ہورہی ہے اُنہی عالموں، ادیبوں اور دانشور قلمکاروں کی مرہونِ منّت ہے جنہوں نے 1947ء جنگ وجدل اور ملک کے بٹوارے نیز 1965ء کی جنگ جیسے دردناک عذاب کو سہنے کے باوجود اپنی تہذیب وثقافت اور سب سے اہم ومضبوط پہچان اپنی ماں بولی (زبان) کو اپنے سے جُدا نہیں ہونے دیا۔اس کو نت نئے ہار سنگار سے سنوارتے رہے۔ نت نئی اصنافِ سُخن کے خزینے سے اس کو تونگر وتوانا اور مالدار کرتے رہے۔ اُس درد وکرب کو خونِ جگر میں قلم ڈبو کر تخلیق کیا ہے، جس کا 1966ء سے 1980ء کی دہائی کے تخلیق شدہ معیاری اَدب سے بخوبی انداز ہو سکتا ہے۔

جے ہوویں گیاں بچاری نہ دیکھیں بھاکھا گوجری

میراں جی شمس العشاق (پیدائش 902ھ) نے کیا خوب کہا ہے، گجرات کے

قدیم نثر نویس، صوفیاء، شعراء ہمیشہ گوجری ہی لکھتے رہے اور یہ احساس اور فخر لے کے بھی کہ ہم گوجری زبان لکھتے پڑھتے ہیں۔......(گوجری ادب سُنہری تاریخ)

گُجرات کے بُزرگ صوفی عالم وشاعر بُرہان الدین جانمؔ بھی اپنی زبان کو گوجری ہی کہتے ہیں۔

یہ سب گُجری کیا زبان، کہ آئینہ دیا تمناں

یعنی گُجروں کو اُن کی اصلیت کا آئینہ دِکھا دیا ہے کہ وہ کیا ہیں اور اُن کی مادری زبان کیا ہے۔......(قدیم گوجری ادب)

اُردو کے بہت سے نقاد کہتے ہیں کہ گوجری اردو زبان کا ہی دوسرا نام تھا، مگر یہ اُن کا اشتباہ ہے، کیونکہ گوجری زبان ابتداء سے آج تک گوجری ہی رہی ہے۔ اردو گوجری کی بیٹی ہے۔ گوجری الگ ڈگر پر چلتی رہی اور اردو الگ راہوں پر آگے بڑھتی رہی، ماں بیچاری کوہساروں، صحراؤں میں بھٹکتی، گھومتی پھرتی رہی اور بیٹی درباروں، بڑے بڑے ایوانوں میں پہنچ کر ناز وادا دکھانے لگی اور شُہرت کی بلندیوں کو چھونے لگی، فارسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے۔

ماو مجنوں ہم سبق بودیم در سندانِ عشق

او بصحرا رفت و ما در کوچہ ہا رُسوا شدیم

گوجر قبائل ایک زمانے میں دہلی اور آگرہ کے درمیانی علاقہ جات میں آباد ہوئے 960ء کے راجہ متھن دیو کے کتبہ قلعہ راج گڑھ سے اس زبان کی موجودگی کی شہادت ملتی ہے۔ دہلی اور آگرہ کے درمیان کا علاقہ لسانی طور ''برج بھاشا'' کہلاتا تھا، گوجری زبان

کوہِ اراولی اور کوہِ آبو کے بعد اسی علاقے میں پروان چڑھی، اُس کے بعد کے دور میں گجر قبائل جہاں جہاں گئے اپنی گوتوں (ذاتوں) کے نام پر آبادیاں بساتے اور آگے بڑھتے گئے۔ گوجری زبان دورِ عروج میں گوجروں کے عزائم کی ترجمان اور علامت بن کے رہی اور عہدِ زوال میں اُن کی تہذیب و ثقافت کی نگہبان بنی، عظمتِ رفتہ کے نقوش بہرحال کہیں نہ کہیں قوم کے ساتھ اُس کی زبان کے نشان و آثار بھی ظاہر کرتے ہیں۔

اسی طرح سوات، دیر، تیراہ، کاغان، ہزارہ، کشمیر، تبت اور پورے ملکِ بھارت میں جہاں جہاں بھی یہ قبیلے آباد ہیں، گُجر کہلاتے ہیں، یہ وہی قبائل ہیں جن کی مادری زبان گوجری ہے، بعض محققین نے گوجری اور بعض نے ہریانوی کا نام دے کر اسے دہلوی یا کھڑی بولی کا ماخذ و منبع بتایا ہے اور یہ بات کافی حد تک قرینِ قیاس ہے۔......(گوجری زبان و ادب)

